# میری دنیا



۱

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## تعارف

یکساں قومی نصاب پر مبنی اوکسفرڈ معلومات عامہ درجہ اول تا تین کے درسی کتب کے لئے رہنمائے اساتذہ تیار کئے گئے ہیں۔ یکساں قومی نصاب پر منحصر یہ درسی کتب، مختلف شعبہ جات میں رونما ہونے والے اختراعوں اور جدید رجحانات کے پیش نظر سابقہ نصاب کی نظرثانی اور جائزہ لینے کی کوششوں کا نتیجہ ہیں۔ یہ بتانا ضروری ہے کہ معلومات عامہ کے لیے قومی نصاب 2006ء جنرل سائنس، سماجی مطالعہ اور اسلامیات کا مرکب تھا۔ جبکہ معلومات عامہ کا یکساں قومی نصاب 2020ء جنرل جنرل سائنس، سماجی مطالعہ اور اخلاقیات کے موضوعات اور تصورات پر مبنی ہے۔

رہنمائے اساتذہ کے متعلق

رہنمائے اساتذہ کو پانچ حصوں میں منظم کیا گیا ہے۔ پہلے حصہ میں رہنما کے مقاصد بیان کرنے کے ساتھ یہ وضاحت کی گئی ہے کہ اس رہنمائے اساتذہ کو کیسے استعمال کیا جائے۔ دوسرا حصہ معلومات عامہ کے عناصر اور مہارتوں کی وضاحت کرتا ہے۔ تیسرا حصہ STEAM انضمام اور بغیر دیواروں کے کمرۂ جماعت کا تصور عیاں کرتا ہے۔ حصہ چہارم میں ابتدائی درجات کے لیے تشخیصی مشقیں شامل ہیں۔ آخری حصہ تفصیلی منصوبات کے ساتھ سیکھنے کے موضوعات کا اہم حصہ ہے۔ اس میں کمرۂ جماعت میں پڑھانے اور متعلقہ تدریسی اور سیکھنے والی سرگرمیوں والے سیشن میں موضوع کو کیسے پیش کریں، اطفالی تعلیم کے طریقے کار اور فنی اصول، اسٹیم STEAM آمیزش اور مواد کی پر اثر پیشکش کے لیے تشخیصی حکمت عملیوں کے لیے جدید تجاویز شامل ہیں۔ درسی کتاب میں شامل ورک شیٹس کے علاوہ دوسری ورک شیٹس کا بڑا مجموعہ، سیکھی ہوئی باتوں کو مزید پختہ بنانے کے لیے مزید سرگرمی اور مشق فراہم کرتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ رہنمائے اساتذہ، معلموں کو اعتماد اور قابلیت کے ساتھ پڑھانے کا اہل بنائیں گے، جس کے نتیجے میں وہ طلبہ کو ۲۱ صدی کی مہارتوں سے مزین کریں گے۔ معلومات عامہ کے لیے اس رہنمائے اساتذہ میں، نئے اور تجربہ کار استاذہ، جو درجہ اول تا تین کے طلبہ کو معلومات عامہ کو مربوط مضمون کے طور پڑھاتے ہیں، کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے مشمولہ طریق کار inclusive approach کو اختیار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ یکساں قومی نصاب ابتدائی سال کی سائنس، سماجی مطالعہ، اور اقدار کی تعلیم کو ایک جگہ پیوست کرتا ہے، اس لیے یہ رہنمائے اساتذہ، معلموں کو یہ کثیر الموضوعاتی مضمون، مواد کی گہری سمجھ اور درسی کتاب کے ابواب کی تنظیم اور ان کی نصاب کے ساتھ صف بندی سے پڑھانے میں مدد کرے گا۔

رہنمائے اساتذہ میں یکساں قومی نصاب کا طریق کار

آج کی بدلتی دنیا کے لئے، زندگی کے لیے مہارتوں پر مبنی کمرۂ جماعت تدریس، متعلمین کا مستقبل تشکیل دینے کے مواقع اور حقوق انتخاب Options کو اچھی طرح بڑھائے گی۔ سائنسی استعداد بار آور مستقبل کے لیے دریچے وا کرتی ہے، جبکہ اس کی کمی ان دوار کو بند رکھتی ہے۔ تمام طلبہ کو اہم ترین تصورات کو گہرائی اور مکمل سمجھ کے ساتھ سیکھنے کے لیے ضروری مواقع اور حمایت میسر ہونے چاہیے۔

کمرۂ جماعت علیت کی سربلندی اس بات کی متقاضی ہوتی ہے کہ جب سائنس پڑھتے ہوئے طلبہ جن چیزوں کا مشاہدہ کرتے ہیں، ان کی آزمائشی تفہیم ہونی چاہیے۔ اس لیے یہ اہم ہے کہ ہر اسکول کو ضروری سازو سامان سے مزین کیا جائے تا کہ طلبہ سائنسی تصورات کو تجربہ کر کے سیکھنے کے لائق بنیں۔ اس لیے متعلمین پر مرکوز کمرۂ جماعت میں روزانہ ساز و سامان استعمال کرنے والی سرگرمیاں، جو عالمی سطح پر مقبول ہیں، کمرۂ جماعت تدریس کو بہتر بنانے کے لیے بحال کیا جائے۔ مزید برآں، یہ سرگرمیاں، جن اسکولوں میں لیبارٹریز ناپید ہیں، ان کے مسائل حل کرنے میں مدد کریں گی۔ عالمی سطح پر سائنسی معلمین یہ نظریہ پیش کر رہے ہیں کہ سائنس کو سیکھنے کا بہترین طریقہ عملی طور پر کرنے سے ہے۔ سائنس کی اہمیت اور تدریس کے جدید رجحانات

کو نظر میں رکھتے ہوئے، یہ رہنمائے معلم اوکسفرڈ یونیورسٹی نے تیار کرایا ہے۔


اساتذہ کو جدید مہارتوں اور عالمی کمرۂ جماعت کے تمام طور طریقے سیکھنے کے لیے ضروری علم سے آراستہ کرنے کے لیے اوکسفرڈ رہنمائے اساتذہ تیار کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب اساتذہ کو متعلقہ درجہ کی سطح کے لیے مناسب سائنس اور سماجی مطالعہ کے ٹھوس تصورات کو ثابت کرنے میں مدد کرے گا۔

**رہنمائے اساتذہ کی تیاری کے لیے ترکیبی عمل**

اس رہنما نے تیاری کے لیے کٹھن اور باریک بین ترکیبی عمل اختیار کیا ہے۔ درجہ اول سے تین تک معلومات عامہ پڑھانے والے اساتذہ سے شناخت کے لیے احتیاجی تشخیص Need Assessment کی گئی۔ اساتذہ کی مخصوص ضروریات کے پیش نظر منصوبہ، سرگرمیاں، پڑھانے کے لیے مفید باتیں اورلوازمات، ورک شیٹس، تشخیصی مہارتیں تشکیل دی گئی ہیں۔ طلبہ میں متعلقہ مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے سرگرمیاں تشکیل کی گئی ہیں۔ جہاں ضرورت پڑی وہاں اسٹیم STEAM کو شامل کیا گیا ہے۔

**معلومات عامہ کے طرف سے احاطہ کئے گئے اجزا**

معلومات عامہ کے لیے اس نصاب کا مقصد ہمارے طلبہ کو تحقیق اور عملی سرگرمیوں پر مبنی حقیقی زندگی والی معیاری علمیت مہیا کرنا ہے۔ اس میں جنرل سائنس، سماجی مطالعہ، اور اخلاقیات کے تصورات شامل ہیں۔ یہ تصورات بنیادی طور پر حیاتیاتی سائنسز، طبعیاتی سائنسز، زمین اور فضائی سائنسز، سماجی سائنسز، تاریخ، جاگرافی، حکومت، شہریت، معاشیات، ثقافت کے اجزا، اور ان اخلاقی اقدار، جو اسلام اور دوسرے مذاہب میں ایک جیسے ہیں، سے لیے گئے ہیں۔



## تدریسی رہنما / رہنمائے اساتذہ کے مقاصد

رہنمائے اساتذہ کے مجموعی مقاصد یکساں قومی نصاب میں دیئے گئے مقاصد کو حاصل کرنا ہیں۔ حوالہ معلومات عامہ ایک قومی نصاب۔

مندرجہ ذیل زور اثر کے ساتھ یہ نصاب بنایا گیا ہے:

• علم حاصل کرنے کی جگہ کو وسیع کرنا (کمرۂ جماعت تدریس سے باہر) • پرائمری سے پہلے اور سیکنڈری اسکول کے نصابات کے میل جول کو مضبوط کرنا۔ • اخلاقی اقدار کی سمجھ پیدا کرنا۔ • طلبہ کے متعلمی تجربات کو حب الوطنی اور پائیدار ترقی پر زور کے ساتھ جوڑنا۔ • زندگی بھر علم حاصل کرنے کو فروغ دینا اور ۲۱ صدی کی مہارتوں کو بڑھانا • طلبہ میں آزادانہ طور علم حاصل کرنے والے عمل کو ترقی دینا۔ • سماج میں دلچسپی اور قدردانی، اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے لیے تجسس کو بڑھاوا دینا۔ • طلبہ کی کلی ترقی پر زور دینا اور انھیں تفتیش اور عملی سرگرمیوں/تجربات پر مبنی حقیقی زندگی والا معیاری تجربہ فراہم کرنا۔ • انسانی تنوع کے متعلق سمجھ پیدا کرنا۔

اس رہنما کے بنانے کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

- زندگی کے لیے مہارتوں پر مبنی تعلیم کے ذریعے سیکھنے کے لیے بچوں کو لائق بنانا اور حوصلہ افزائی کرنا۔
- یہ یقینی بنانا کہ سائنس کو بغیر دیواروں کے کمرۂ جماعت والے تصور کے ساتھ ہماری زندگی کا فطری، متعلقہ اور ضروری جز دیکھا جائے۔
- ایسی سرگرمیاں تجویز کرنا اور تشکیل دینا جن کی توسط سے طلبہ کو اسٹیم STEAM طریق کار سے سائنسی تصورات سے متعارف کرایا جائے۔
- STEAM کمرۂ جماعت کی حقیقت پسندانہ سرگرمیوں کے لیے تائیدی سامان کے ساتھ معلم کی کمرۂ جماعت میں مدد کرنا۔
- کمرۂ جماعت کے لئے عملی سرگرمیاں تجویز اور دریافت کرنا، جو سستے اور آسانی سے میسر ساز و سامان کی مدد سے کی جاسکیں۔

## رہنمائے اساتذہ کو کیسے استعمال کریں؟

ابتدائی درجات کے طلبہ کے لیے سیکھنے والا طریقہ کار بالغان سے مختلف ہے۔ یہ رہنمائے اساتذہ عمر کے حساب سے سمجھنے کی سطح اور پہلے سے سیکھی ہوئی مہارتوں کو ذہن میں رکھ کر بنایا گیا ہے۔ رہنمائے اساتذہ کو دونوں نئے اور سینئر معلموں کے لیے آسان اور سمجھ میں آنے والا بنایا گیا ہے۔ یہ پرلطف، لچک دار اور آسانی سے استعمال ہونے والا کورس ہے، جو دونوں متعلم اور معلم کو وہ مدد فراہم کرتا ہے، جو وہ چاہتے ہیں۔

۱۔ گروہ میں کام اور دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے والی مختلف سرگرمیوں کے ذریعہ دوسرے کے ساتھ مل کر سیکھنے والے عمل کو فروغ دینا چاہیے۔

۲۔ طلبہ کو یہ موقعہ دینا چاہیے کہ وہ اپنی، اپنے آس پاس، خاندان، دوست اور گھروں کے متعلق معلومات کا آپس میں تبادلہ کریں۔

۳۔ تفاعلی اور تخلیقی سرگرمیاں کو سرانجام دے کر سیکھنے والے عمل کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔

۴۔ اساتذہ طلبہ کی ہمت بڑھائے کہ وہ جوابدہ بنیں، کیونکہ ابتدائی درجات کے طلبہ جلدی سے سیکھتے ہیں اور بھول جاتے ہیں، اس لیے سیکھی ہوئی باتوں کی وقت بوقت از سر نو پختگی ضروری ہیں۔

۵۔ ہر طالب علم مختلف فرد ہے اور مختلف طریقہ سے سیکھتا ہے، انھیں مناسب سرگرمیاں سونپ کر ان پر مکمل توجہ دیا جائے۔

معلومات عامہ مہارتیں

ابتدائی درجات کے بچے سننے، سوچنے، بولنے، لکھنے، باہمی میل جول کرتے، پڑھتے، تخلیق کرتے، سوال کرتے، دیکھنے، تحقیق کرتے، جانچ پڑتال کرتے، تجربہ کرتے، گفتگو کرتے، کام کرتے، بناتے، دریافت کرتے، گھومتے، کھیلتے، شکل بناتے، جمع کرتے ہوئے سیکھتے ہیں۔سرگرمیاں، ورک شیٹس اور تشخیصی طرز کار کو مطلوبہ مہارتوں کو بڑھانے اورفروغ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

معلومات عامہ میں اسٹیم کا ظہور

STEAM کس کا مترادف ہے؟

Science, Technology, Engineering, Arts, Maths

تعلیم کے لیے اسٹیم STEAM فنون کو مربوط کرنے کا طریقہ ہے، جو طلبہ/ طالبات کو حقیقی دنیا کے مسائل کے لئے تخلیقی سلجھاؤ تلاش کرنے کے لیے پر تجسس متعلم بننے کے لیے اکساتا ہے؛ یہ انہیں وہ ہارڈ اور سافٹ مہارتیں پنپنے کے لئے مدد کرتا ہے، جو ان کے لئے اپنی زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ضروری ہوتی ہیں۔ اسٹیم تعلیم کو استعمال کرنے کے نتیجے میں طلبہ/ طالبات تجرباتی علم، مسائل کو حل کرنے، اشتراک، اور تخلیقی عمل کی مدد سے کام کرنے میں شریک ہوتے ہیں۔ وہ ۲۱ صدی کے اختراع کنندہ، تعلیم کار، رہنما اور متعلم ہیں۔ سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، میتھس STEM کے فوائد حاصل کرنے کے لیے، اور ان اصولوں کو آرٹس سے/ میں مربوط کرنے کے لیے اسٹیم STEAM ایک رستہ ہے۔ اسٹیم، STEAM STEM کو دوسری سطح پر لے جاتا ہے: وہ طلبہ/ طالبات کو اجازت دیتا ہے کہ اہم شعبوں میں وہ اپنی علمیت کو فنی مشقوں، عناصر، تشکیلی اصولوں، اورعلمیت کا مکمل تختہ ان کے تصرف میں لانے کے معیارات سے ملایئے۔ اسٹیم STEAM حد بندیوں کو ختم کر کے انہیں تجسس، تنقیدی سوچ، دریافت اور اختراع میں تبدیل کرتا ہے۔

اسٹیم کے فوائد

طلبہ کے لیے مستعد علمیت

بہتریں ٹیسٹ اسکور

اسٹیم مشمولہ ہے، وہ تمام طلبہ کے لیے کام کرتا ہے، چاہے ان کی ثقافت یا سیکھنے کا انداز کچھ بھی ہو۔

کمرۂ جماعت میں مزا اور لطف کو واپس لاتی ہے۔

تعلیمی نظام میں تشخیص زبردست اہمیت کی حامل ہے۔ ابتدائی درجات میں تشخیص موثر اور کامل ہونی چاہیے۔تحقیق دکھاتی ہے کہ زندگی کے پہلے سات سالوں کا بچے کی شخصیت پر زبردست اثر رہتا ہے۔

کثیرالابعاد تشخیص Multidimensional Assessment

شخصیت کی کثیرالابعاد ترقی کے لئے تشخیص بھی کثیرالابعاد ہونی چاہیے، جو نہ صرف تحریری بلکہ زبانی، عملیاتی بنیادوں پر ہو۔ درجات ۱-۳ کے لئے طلبہ/ طالبات کی ابلاغی لیاقت، اشتراکی اور جماعت پر مبنی علمیت، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت کو پرکھنے کے لئے پراجیکٹ پر مبنی تشخیص فائدہ مند ہوگی۔ تاہم، ان تشخیصوں میں داخلیت کو بڑے دھیان سے اسکور دینے والے قانون کی تکمیل سے نپٹا جائے۔ نہ سال کے آخر میں صرف ایک حاصل جمع معلوم کرنے والی Summative تشخیص ہو، نا ہی ہر تین یا چھ ماہ والی تشکیلی Formative تشخیص ہو، بلکہ یہ تشخیص دونوں کا اشتراک ہو۔ جیسا کہ تشخیص ایک

جاری اور مسلسل سلسلہ ہے، اس لیے کثیر العناصر تکنیک، جیسے ورک شیٹس کی مدد سے ٹیسٹ، زبانی آزمائش، حکایتی دستاویزات، مشاہداتی شیٹس، معلموں کے ریمارکس (رواجی ثبوتوں کے بنیاد پر نہیں) والے خریطے (دونوں ترقیاتی اور شوکیس طرز والے) portfolios ۔ طالب علم/ طالبہ کے کام کی آڈیو یا وڈیو رکارڈنگ کو بھی طالب علم/ طالبہ کی تشخیص کا حصہ بنایا جا سکتا ہے۔

گھر کے کام کے لیے تجاویز

بامعنی اور مناسب اسائنمنٹ کی اہمیت کے پیش نظر آج کل کے اساتذہ گھر کے کام والی تکلیف دہ للکاروں سے نبردآزما ہیں۔ طالب علم کی حاصلات اس وقت بڑھتی ہے، جب اساتذہ باقاعدگی سے گھر کا کام دیتے ہیں اور طلبہ/ طالبات ان کو سوچ سمجھ کر کرتے ہیں، اور جیسے طلبہ/ طالبات بالا درجات میں جاتے ہیں، اکیڈمک فوائد میں اطافہ ہوتا ہے۔ گھر کا کام بچوں کو اچھی عادات اور رویے تشکیل کرنے میں مدد کرتا ہے۔ وہ بچوں کو ذمہ داری اور ضبط نفس سکھا سکتا ہے۔سب سے اہم بات یہ کہ وہ سیکھنے کی چاہت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

ہمارے گھر کے کام والے آئیڈیاز سے طلبہ/ طالبات وسیع تفتیش، حقیقی زندگی میں اطلاق، اور نصابی موضوعات کی گہری کھوج میں لگ جاتے ہیں۔مربوط آرٹس کی سرگرمیاں یقینی طور پر نصابی مواد کو تازہ دم کرتی ہیں، دونوں اساتذہ اور طلبہ/ طالبات کے لئے اسباقی نتائج کو کامیاب اور دلچسپ بناتی ہیں۔

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| یونٹ ۱ | میں خود | ۲ |
| یونٹ ۲ | میرا جسم | ۲ |
| یونٹ ۳ | اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا | ۲ |
| یونٹ ۴ | میرا خاندان اور دوست | ۲ |
| یونٹ ۵ | کھیل اور قواعد | ۲ |
| یونٹ ۶ | محلّہ | ۲ |
| یونٹ ۷ | عبادت گاہیں | ۲ |
| یونٹ ۸ | ہمارا ملک : پاکستان | ۲ |
| یونٹ ۹ | اسکول | ۲ |
| یونٹ ۱۰ | نقل وحمل کے ذرائع | ۲ |

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| یونٹ ۱۱ | ٹریفک قوانین | ۲ |
| یونٹ ۱۲ | اچّھی عادات اور آداب | ۲ |
| یونٹ ۱۳ | ہماری آس پاس والی چیزیں (پودے اور جانور) | ۲ |
| یونٹ ۱۴ | زمین اور آسمان | ۲ |

# میں خود

منصوبہ سبق

معلومات

مضمون

معلومات عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- وہ اپنے بارے میں مختصر طور بیان کرسکیں: مثال کے طور پر، ان کے نام، عمر، پسند، ناپسند، کھیل، پسندیدہ کھانا، جب وہ بڑے ہوں گے تو کیا بنیں گے۔
- اپنے آپ میں اچھی خصوصیات کی تشخیص کریں (سچ بولنا؛ بڑوں کا احترام کرنا اور ان کے مشورے سننا؛ صبح کو سویرے اٹھنا وغیرہ)۔
- دوسروں کی خوبیوں کو تسلیم کرنا۔
- ان اطوار کی تشخیص، جن میں وہ پسندیدگی اور ناپسندیدگی کے لحاظ سے دوسروں سے مختلف یا ایک جیسے ہیں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- اپنے آپ میں اور دوسروں میں موجود خوبیوں کو تسلیم کرنا۔
- جن اطوار میں وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں، اُنھیں بیان کرنا۔

مختلف نصابی روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے منسلک ہے، کیوں کہ وہ اچھی خوبیوں کے حامل ہونے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔
- اس کا تعلق انسانی طرزِ عمل کی سائنس کے ساتھ بھی ہے، کیوں کہ وہ یہ بتاتا ہے کہ انسانی برتاؤ میں ہونے والی تبدیلیوں کی وجہ سے ایک انسان دوسروں سے مختلف کس طرح سے ہے۔

منسلک مہارتیں:

ذہنی نقشہ بندی (Mind Mapping) بول چال، سمجھنا، تجزیہ کرنا، وضاحت کرنا،

درجات کے مابین ترقی

| GRADE 2 | ECCE |
|---|---|
| • اپنی چیزوں میں دوسروں کو شریک بنانا<br>• دوسروں کی مدد کرنے کے طریقے<br>• تمام لوگوں کا احترام کرنے کی ضرورت<br>• دوسروں کو مجروح کرنے بچنا<br>• مجروحیت کو کم کرنے کے طریقے<br>• دوسروں کو معاف کرنا | • میں خود<br>• میں اور میرا اسکول<br>• میرا خاندان<br>• میرا گھر<br>• میری قبولیت |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک ایسی چیز بتائیں، جو ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے ساتھی سے مختلف ہے۔ اس کے بعد انھیں سمجھائیں کہ ہم کسی طرح ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- کمرۂ جماعت میں مباحثے
- چارٹ
- ویڈیوز
- سرگرمیاں

## موادی تعاون Content Support

سات ارب لوگ اس دھرتی پر رہتے ہیں، اور ہر ایک دوسروں سے مختلف ہوتا ہے۔
دنیا میں کوئی بھی چیز بغیر مقصد کے نہیں ہے۔ ہر چیز کا کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے۔ انسان ذات اعلیٰ مخلوق ہے اور ہر شخص خاص ہوتا ہے۔
ہر شخص میں مختلف شخصیاتی خصوصیات ہوتی ہیں، جو انھیں اس نوعیت کا شخص بناتے ہیں، جیسے وہ ہیں۔ وہ اپنے ظاہر اور اس کے ساتھ دوسروں کے ساتھ برتاؤ کے حساب سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

### متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/Oql8gIexK7w
https://youtu.be/epdEUKOuYEQ

منصوبہ سبق 1.1:

## یونٹ نمبر ۱: میں خود

## موضوع: میں خود کا تعارف

## دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- وہ اپنے آپ کو مختصر طور بیاں کر سکیں: مثال کے طور پر، ان کے نام، عمر، پسند، ناپسند، کھیل، پسندیدہ کھانا، جب وہ بڑے ہوں گے تو کیا بنے گے۔

### مقصد

- یہ سیکھنا کہ اپنے آپ کو کیسے بیان کریں۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنی تصاویر بنائیں۔

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 2

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- ورک شیٹ 1.1 کو مکمل کیا جائے گا۔
- صفحہ نمبر 3 کا تیز اعادہ / جائزہ لیا جائے گا۔

### آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

طلبہ کو ایک ہینڈ آؤٹ دیا جائے گا، جس میں مندرجہ ذیل سوالات شامل ہوں گے:

- میرا نام __________________ ہے۔
- میں __________________ سے ہوں۔
- میرے خاندان میں __________________ رکن ہیں۔
- میری پسندیدہ مشروب __________________ ہے۔
- میرا پسندیدہ رنگ __________________ ہے۔
- مجھے جو کھانا زیادہ پسند ہے وہ __________________ ہے۔
- میرا پسندیدہ جانور __________________ ہے۔
- میں اپنی گزشتہ چھٹیوں میں __________________ کی طرف گیا تھا۔

- میرا پسندیدہ ٹی وی پروگرام ________________ ہے۔
- اختتام ہفتہ میں ____________ کرنا چاہتا ہوں۔

اس سرگرمی کو مکمل کرنے کے بعد طلبہ جماعت میں بیٹھے دوسرے طلبہ سے اس کام کو بنیاد بنا کر اپنے آپ کو متعارف کرائیں گے اور آپس میں گفتگو کریں گے۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ پیش قدمی کر کے سب سے پہلے اپنے آپ کو دوسروں سے متعارف کراتے ہیں، ان کی تعریف کریں۔

تائید: طلبہ کی نگرانی کرتے رہنا اور اگر اُن کو کوئی لفظ سمجھنے میں دشواری ہو رہی ہو، یا اس کا تلفظ نہیں کر پا رہیں ہوں تو اُنکی مدد کرنا۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

- 5 الفاظ بتائیں جو آپ کو بیان کریں گے۔

**گھر کا کام**

- ان خصوصیات کی فہرست بنائیں، جو آپ اپنے آپ میں موجود پاتے ہیں۔

## منصوبہ سبق 1.2:

**موضوع: اچّھی خصوصیات**

**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے آپ میں اچھی خصوصیات کی شناخت کریں (سچ بولنا؛ بڑوں کا احترام کرنا اور ان کے مشورے سننا؛ صبح سویرے اٹھنا وغیرہ۔)
- دوسروں کی خوبیوں کو تسلیم کریں۔

**مقصد**

- اپنے آپ اور دوسروں میں موجود خوبیوں کو تسلیم کرنا۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**گرم جوشی** (Warm Up) (پانچ منٹ)

- اپنے اچھے دوست کی کوئی ایک خوبی بیان کریں، جسے آپ بہت پسند کرتے ہیں۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ 3 پڑھیں۔

## مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- صفحہ نمبر 4 کو مکمل کیا جائے گا۔

## آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

**سچ اور جھوٹ:**

دو ایسی نشانیاں بنائیں، جو سچ اور جھوٹ بتائیں۔ اپنے طلبہ کو دکھائیں کہ کون سی نشانی سچ کے لیے اور کون سی نشانی جھوٹ کے لیے استعمال ہوگی، اور انھیں سمجھائیں کہ ان الفاظ کی معنی کیا ہیں۔ جب ایک طالب علم کچھ بتائے گا/ گی، جو سچ بھی ہوسکتا ہے اور جھوٹ بھی ہوسکتا ہے، تب دوسرے طلبہ درست نشانی دکھائیں، جو طالبہ کے بات سے موافقت رکھتی ہو۔ وہ باری باری اس کھیل میں حصہ لیں۔

آخر میں طلبہ کو سمجھائیں کہ جب آپ یہ فیصلے کر رہے ہوں کہ سچ کیا ہے، ہمیشہ اپنی معلومات کو استعمال کریں۔ اپنے طور پر بغیر سوچنے کے کسی پر اعتبار نہ کریں۔بعض اوقات ہمیں دریافت کرنے کے لیے مدد حاصل کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے، اور نئی چیزیں سیکھنی پڑسکتی ہیں۔ 'حقیقت کیا ہے' کی تفتیش کے لیے اہم چیز یہ ہے کہ ہم یہ جانیں کہ کب سوال پوچھنے ہیں اور یہ یاد رکھنا ہے کہ جب ہم کوئی چیز سن رہیں ہوں تو اپنے ذہن کو استعمال کرنا ہے۔

## امتیاز (Differentiation)

تقویت: اس سرگرمی کی مدد سے طلبہ اپنے طور پر سچ کو معلوم کرنے کی اہلیت سیکھیں گے، جو اہم ترین شخصی خوبی ہوتی ہے۔

تائید: آپ انھیں سچا یا جھوٹا بیان دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔

## تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- تین ایسی خصوصیات بیان کریں جو آپ میں اور آپ کے بہترین دوست میں مشترکہ ہیں۔

## گھر کا کام

- اپنے خاندان یا دوستوں کا چارٹ بنائیں اور خاندان کے ہر رکن کی ایک خوبی لکھیں۔

منصوبہ سبق 1.3:

## موضوع: لوگ منفرد ہوتے ہیں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- ان اطوار کی شناخت کریں، جن میں وہ پسندیدگی اور ناپسندیدگی کے لحاظ سے دوسروں سے منفرد یا مماثل ہیں۔

### مقصد

- جن اطوار میں وہ ایک دوسرے سے منفرد ہیں، اُنکو بیان کرنا۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- کسی طلبہ سے کہیں کہ وہ کوئی ایک چیز بتائے جس کے متعلق وہ سمجھتا/سمجھتی ہے کہ ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے دوسرے طلبہ میں مختلف ہے۔

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 5 پڑھیں۔

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- ورک شیٹ 1-2 مکمل کی جائے گی۔
- کیا آپ اور آپ کے ساتھی طلبہ ایک جیسی چیزیں (رنگ، کھانا، کپڑے وغیرہ) پسند کرتے ہیں؟ بچّوں کی مدد کریں کہ وہ یہ معلومات چارٹ پیپر پر لکھیں اور کمرۂ جماعت میں دکھائیں۔

### آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

### آرٹ کی سرگرمی

رنگین چارٹ بنائیں، جس میں ان چیزوں کی فہرست درج کریں جو آپ اور آپ کے دوست میں مختلف ہیں۔

### امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ اچھا کام کر رہے ہوں، ان کو سراہیں۔

تائید: طلبہ کو تفریق معلوم کرنے کے لیے کوئی عندیہ/اشارہ دیں جیسے ''کیا آپ کے بال ایسے ہیں جیسے آپ کے دوست کے ہیں۔''



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- تین ایسی چیزیں بتائیں جو آپ کو پسند ہیں، لیکن آپ کا دوست انھیں پسند نہیں کرتا۔

گھر کا کام

- اپنی اور اپنے دوست کی شکل بنائیں۔ اپنے پسندیدہ رنگوں سے کپڑوں کو رنگیں (صفحہ 5 کا تیز اعادہ کریں)

منصوبہ سبق 1.4:

موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے آپ کو بیان کریں۔
- اپنی خوبیاں بیان کریں۔
- لوگوں میں تفریق کی شناخت کرسکیں۔

مقصد

- میں خود، اچھی خوبیاں، لوگوں میں تفریق کے تصورات کو پختہ بنانا۔

ترتیب وقت (Timeline)

گرم جوشی (Warm Up) (دس منٹ)

- صفحہ 6 پر ذہنی نقشہ

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- باب کا اعادہ صفحہ نمبر 7

تشخیص (Assessment) (بیس منٹ)

- ورک شیٹ 1-3 کو مکمل کیا جائے گا۔

گھر کا کام

- صفحہ نمبر 8 پر سوال نمبر 3 حل کرنا۔

## ورک شیٹ 1-1

# میرے متعلق سب کچھ

میرا نام ________ ہے۔

میری پسند:

میرا پسندیدہ کھیل ________ ہے۔

میرا پسندیدہ کھیل ________ ہے۔

میرا پسندیدہ کھیل ________ ہے۔

میرے بارے میں:

میں ________ سال کا ہوں۔

میری ________ بہنیں ہیں اور

میرے ________ بھائی ہیں۔

میری ________ بہنیں ہیں اور

میرے ________ بھائی ہیں۔

میں ________ جماعت میں

پڑھتا ہوں۔

میری پسندیدہ کتاب ________ ہے۔

اپنے متعلق یہاں کچھ لکھیں۔



جو آپ نے لکھا ہے اس کے متعلق شکل بنائیں۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS




# ورک شیٹ 2-1

## لوگوں کو بیان کرنا:


بالوں کے نمونے:






عمر:

قد:





## ورک شیٹ 1-3

اچھا شخص میں یہ خوبیاں ہونی چاہیے...

| | درست | غلط |
|---|---|---|
| • ایمان دار ہو۔<br>• اچھا سامع ہو۔<br>• بڑے گھر میں رہتا ہو۔<br>• رحمدل ہو۔<br>• مہنگے کپڑے پہنتا ہو۔<br>• دوسرے لوگوں کا خیال کرتا ہو۔<br>• متعدد کھلونے اور کھیل ان کے پاس ہوں۔<br>• ان کے پاس بے تحاشا رقم ہو۔<br>• معاف کرنے والا ہو۔<br>• اچھے کام کرنے والا ہو ۔ | | |



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# میرا جسم

**منصوبہ سبق**
**معلومات**

**مضمون**

**معلومات عامہ**

**درجہ: اوّل**

دورانیہ
۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضا (آنکھیں، ناک، کان، منھ، بازو، ہاتھ اور ٹانگیں) کا نام بتائیں۔
- مختلف جسمانی اعضا کے کام کو جان سکیں۔
- حواس خمسہ کے نام بتائیں۔
- چکھنے، چھونے، سونگھنے، سننے اور دیکھنے میں مدد کرنے والے اپنے جسمانی اعضا کی شناخت کرسکیں۔
- حواس خمسہ میں سے ہر ایک کی حسی کیفیت کی شناخت کر سکے (ذائقہ/چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکیں؛ چھونا: سیدھا، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم؛ سماعت: بھاری، نرم، اونچا، نیچا؛ بصارت: چمکیلا، دھندلا اور رنگوں کو پہچان؛ سونگھنا: خوشگوار، ناخوشگوار)

سیکھنے کے مقاصد:

- جسم کے اہم اعضا اور ان کے کام کی شناخت کرنا۔
- حواس خمسہ اور جو جسمانی اعضا ان کے کام آتے ہیں، ان کی شناخت کرنا۔
- حواس خمسہ کی حسی کیفیت کی شناخت کرنا۔

مختلف نصابی روابط




- یہ موضوع سائنس (حیاتیات) کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ مختلف جسمانی اعضا کے کام کی وضاحت کی جائے گی۔

منسلک/شامل مہارتیں:

بجا لانا، ذہنی نقش بندی، بات چیت، ادراک کرنا، درج کرنا

درجات کے مابین ترقی

| GRADE II | ECCE |
|---|---|
| • جاندار اور غیر جاندار چیزیں<br>• خشکی اور پانی کے جانور۔ جانوروں کی نشونما اور تبدیلی۔ | • جسمانی اعضا<br>• حسیت |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

### معماBrainteaser

اس سرگرمی میں طلبہ مختلف جسمانی اعضا کے بے ترتیب لفظوں کو درست کر کے بورڈ پر لکھیں۔

۱۔ اک ن

۲۔ آ کھ ن

۳۔ اہ تھ

۴۔ ی پ ر

۵۔ ن م ہ

### تدریسی حکمت عملیاںTeaching Strategies

- پوسٹر بنانا
- جماعت میں مباحثے
- ویڈیوز
- سرگرمیاں
- پتلیاں بنانا

### موادی تعاون Content Support

انسانی جسم ایک دلچسپ تخلیق ہے، جس کے مختلف اعضا کو مختلف فرائض ادا کرنے کے لیے دیئے گئے ہیں۔

- ہم اپنے دانتوں سے چباتے ہیں،
- اپنی آنکھوں سے چیزوں کو دیکھتے ہیں،

- اپنے کانوں سے آوازیں سنتے ہیں،
- اپنی چمڑی سے سطح کو محسوس کرتے ہیں۔
- اپنے ناک کی مدد سے سونگھتے ہیں وغیرہ۔

یہ تمام جسمانی اعضا ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ ہمارے جسم کے اندر مختلف نظام ہیں۔معلم ہمارے جسم کے اندر جو نظام ہیں، ان کا جائزہ دے سکتے ہیں۔ کچھ مثالیں نیچے دی جا رہی ہیں۔

- نظام انہضام: کھانے کو ہضم کرنے میں مدد کرتا ہے۔
- قلب: ہمارا قلب دن رات دھڑکتا ہے۔ ہم اپنی چھاتی پر ہاتھ رکھ کر دل کی دھڑکن کو محسوس کر سکتے ہیں۔
- گردے: ہمیں دو گردے ملے ہوئے ہیں۔ وہ ہمارے جسم میں خون کو صاف کرنے میں مدد کرتے ہیں۔
- پھیپھڑے: ہمیں دو پھیپھڑے ملے ہوئے ہیں جو ہمیں سانس لینے میں مدد کرتے ہیں۔
- انسانی ہڈیوں کا ڈھانچہ پنجرے کی مانند ہے۔ وہ ہمارے جسم کو ضروری سہارا فراہم کرتا ہے۔
- ہمارے جسم میں دو سو سے بھی زیادہ ہڈیاں ہیں۔
- پٹھے: یہ پانچ سو کی تعداد میں ہیں اور مل کے گوشت بناتے ہیں۔
- خلیہ: جسم کا بنیادی جز خلیہ ہوتا ہے۔ انسانی جسم میں لاکھوں خلیات ہیں۔خلیہ اپنی خوراک کھانے اور پانی سے حاصل کرتے ہیں اور آکسیجن سانس کے ذریعے لیتے ہیں۔

**متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک**

https://youtu.be/yRNXfe9-aWo

https://youtu.be/Ft84v3cbTvo

## منصوبہ سبق 2.1:

**یونٹ نمبر ۲: میرا جسم**

**موضوع: جسمانی اعضا**

**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضا (آنکھیں، ناک، کان، منہ، بازو، پیر، اور ٹانگیں) کے نام بتائیں۔
- مختلف جسمانی اعضا کے فرائض کی شناخت کریں۔

**مقصد**

- جسم کے اہم اعضا اور ان کے فرائض کی شناخت کریں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**گرم جوشی** (Warm Up) **(پانچ منٹ)**

جسمانی عضو کا اندازہ کریں؟

فلیش کارڈ پر لکھے ہوئے جسمانی اعضا کا اندازہ لگانے کے لیے طلبہ سے کہیں، جب وہ اندازے سے کوئی جواب دیں تو ان کو وہ کارڈ دکھائیں۔ آپ ان کو کوئی عندیہ دیں، جیسے ناک کے لیے آپ کہیں وہ آپ کے چہرے پر ہیں یا ہاتھی کی بہت بڑی ہوتی ہے وغیرہ۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) **(دس منٹ)**

- صفحہ نمبر 10 پر دی گئی تصویر کی وضاحت کریں۔
- صفحے نمبر 11 کا تیز اعادہ کریں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) **(دس منٹ)**

- ورک شیٹ 2.1 کو مکمل کیا جائے گا۔

**آزادانہ مشق** (Free Practice) **(پندرہ منٹ)**

جسم کو آٹے وغیرہ Play-Doh کی مدد سے بنائیں:

- طلبہ کو کہیں کہ وہ کسی لڑکے یا لڑکی کی تصویر چارٹ پیپر پر بنائیں۔
- پھر طلبہ کو کہیں کہ وہ جسم کا بنیادی ڈھانچا (Play Doh) پلے ڈو سے بنائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: جسمانی اعضا کو ممتاز بنانے کے لیے طلبہ کو کہیں کہ وہ پلے ڈو کے مختلف رنگ استعمال کریں۔

تائید: خبر لیں کہ بچے جسمانی اعضا بنا پا رہے ہیں یا نہیں، اور ضرورت ہو تو ان کی مدد کریں۔

**تشخیص** (Assessment) **(پانچ منٹ)**

- انسانی اعضا میں سے کوئی بھی پانچ کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام**

- اپنی کتاب میں کوئی بھی تین اعضا کی شکل بنائیں۔ صفحہ نمبر 13

منصوبہ سبق 2.2:

## موضوع: انسانی حواس

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے جسمانی اعضا کی شناخت کریں۔
- حواس خمسہ کے نام بتا سکیں۔ (چکھنے، چھونے، سونگھنے، سننے، اور دیکھنے کی حس کی مدد سے)

### مقصد

- حواس خمسہ اور ان جسمانی اعضا شناخت کریں جو انھیں یہ حواس استعمال کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

اپنے حواس استعمال کریں!

- طلبہ سے مانوس مختلف چیزیں رکھیں۔
- باری پر طلبہ کو بلائیں اور انھیں کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کریں اور کسی چیز کو چھو کر اس کا نام اندازہ کریں۔
- پھر یہ بتائیں کہ آپ اس لیے اندازہ کر سکے کیوں کے آپ کے پاس چھونے کی حس موجود ہے۔
- اسی طرح ان کو کہیں کہ وہ کوئی چیز، جیسے کہ کوئی سیب اپنی آنکھیں بند کر کے چکھیں اور انھیں سمجھائیں کہ انھوں نے اس کا اندازہ اپنے چکھنے والی حس سے کیا۔
- یہ سرگرمی تمام حواس کے لیے سرانجام دیں۔

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 12،11 پڑھیں اور سمجھائیں۔

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

چیزوں کو ترتیب دیں:

- مختلف حواس سے متعلق چیزیں اکٹھی کریں۔
- فرش پر پانچ باکس رکھیں۔ ہر باکس پر ہر حواس کا نام لکھیں۔
- طلبہ کو چار یا پانچ کے گروہ میں بانٹیں تا کہ وہ چیزوں کو صحیح حس کے باکس کے حساب سے ترتیب دیں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

STEAM اسٹیم سرگرمی:

آؤ گھر بنائیں!

مطلوبہ سامان:

- کارڈ بورڈ
- رنگین روغن Colour paints
- قینچی
- پنسل

طریقۂ کار:

- طلبہ کارڈ بورڈ کی مدد سے کوئی گھر یا قلعہ بنائیں گے۔ پھر وہ اس قلعہ پر روغن چڑھائیں گے۔ اس سرگرمی کے بعد طلبہ کو سمجھائیں کہ آپ نے یہ جو خوب صورت گھر بنایا ہے وہ اپنے حواس کی طرف سے دی گئی معلومات کو استعمال کر کے بنایا ہے۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: اس سرگرمی میں اچھا آرٹسٹک موقع ہے، طلبہ قلعے کی کھڑکیاں اور دروازے بنا سکتے ہیں، یا وہ ہر کارڈ بورڈ کے ٹکڑے کے لیے مختلف رنگ استعمال کر سکتے ہیں۔

تائید: سرگرمی سے پہلے کارڈ بورڈ کے ٹکڑے تیار کرلیں تا کہ بچّے آسانی سے ڈھانچہ بنا کر اور رنگ بھر کر محظوظ ہوسکیں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- حواس خمسہ کے لیے جو ہم جسمانی اعضا استعمال کرتے ہیں ان کے نام بتائیں۔

گھر کا کام

- کتاب کا صفحہ نمبر 14 مکمل کریں۔

منصوبہ سبق 2.3:

موضوع: حواس خمسہ کی حسی کیفیت

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- حواس خمسہ (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین؛ چھونا: سیدھا، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم؛ سننا: بھاری، نرم، اونچا، نیچا؛ بصارت: چمکیلا، دھندلا اور رنگوں کو پہچاننا؛ سونگھنا: خوشگوار، ناخوشگوار) میں سے ہر ایک حس کی حسی کیفیت sensory description کی شناخت کریں۔

### مقصد

- حواس خمسہ کی حسی کیفیات کی شناخت کرسکیں۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

اپنا لنچ چکھیں!

- طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنی لنچ باکس باہر نکالیں اور اس میں سے کچھ کھائیں۔
- ان سے پوچھیں کہ وہ بتائیں کہ اس کا ذائقہ کیسا ہے؟ میٹھا، نمکین، ترش، کڑوا

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 12-13

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- ورک شیٹ 2.2 مکمل کی جائے گی۔

### آزادانہ مشق (Free Practice) (دس منٹ)

### کھوجنے کی میز:

- ایک کھوجنے کی میز تیار کریں، جس پر ہر حس سے وابستہ مختلف چیزیں رکھیں۔ طلبہ کو کہیں کہ وہ میز کی طرف جائیں اور ہر حس سے وابستہ چیزوں کے متعلق گفتگو کریں۔ آپ مندرجہ ذیل چیزیں ہر حس کے لیے رکھ سکتے ہیں۔

دیکھنے کی حس: آئینہ، روشن بوتل، ٹارچ، روشن کاغذ سے بنی اشکال۔

سونگھنے کی حس: لونگ، دار چینی، پھول، پرفیوم، آم۔

چکھنے کی حس: چاکلیٹ، پاپ کارن، سیب، سلاد، لیموں۔

سننے کی حس: چھوٹے ڈھول، گھنٹیاں، سیٹیاں، گھڑی۔

چھونے کی حس: ریشمی کپڑا، پشم، ریت، بافتہ ٹائیلیں۔

### امتیاز (Differentiation)

تقویت: ہر میز کی طرف جائیں اور طلبہ سے یہ سوال پوچھیں تا کہ وہ سوچیں۔

- یہ آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے؟
- اس کا آواز کیسا ہے؟
- اس کا ذائقہ کیسا ہے؟
- آپ کیا سمجھتے ہیں کے یہ کہاں سے آتا ہے؟

تائید: چیزوں کی درست شناخت کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- سونگھنے، چکھنے، چھونے، سننے اور دیکھنے کی حسی کیفیت بتائیں۔

گھر کا کام

- حواس خمسہ کی حسی کیفیت والے موضوع پر ایک رنگین پوسٹر بنائیں۔
-

منصوبہ سبق 2.4:

موضوع: پختگی اور تفتیش

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ مندرجہ ذیل موضوع کو پختہ کریں گے:

- جسمانی اعضا
- حواس خمسہ
- حواس خمسہ کی حسی کیفیت

مقصد

- مختلف مشقوں کی مدد سے یونٹ کے موضوعات کو پختہ کریں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (دس منٹ)

- جن چیزوں کو آپ، چکھ، دیکھ، چھو، سن اور سونگھ سکیں ان کے نام بتائیں۔ (صفحہ 15، آؤ تو معلوم کریں)

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- صفحہ 15، 16، ذہنی نقشہ، باب کا اعادہ۔

تشخیص (Assessment) (پندرہ منٹ)

- ورک شیٹ نمبر 2.3


گھر کا کام

- جسمانی اعضا کو لیبل لگائیں، صفحہ نمبر 17


# ورک شیٹ 2-1

پڑھیں اور مندرجہ ذیل کو آپس میں ملائیں۔

پاؤں




آنکھ



ناک



کان



منہ




# ورک شیٹ 2-4




ہر گروہ کے لیے جو حسی عضو استعمال کریں گے، اس کی تصویر بنائیے۔

سونگھنا






دیکھنا







سُننا








چھُونا


چکھنا










OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# ورک شیٹ 2-3

جن چیزیں کو آپ سن رہے ہیں ان میں رنگ بھریں:




# اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنا

منصوبہ سبق
معلومات

مضمون

معلومات عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- ان اطوار کی شناخت کریں، جن کی مدد سے وہ اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں (کھانے سے پہلے اور بعد میں اور غسل خانہ استعمال کرنے کے بعد ہاتھ دھونا، ناخن کاٹنا، روزانہ برش کرنا، باقاعدگی سے نہانا وغیرہ)
- اپنی صحت کے لیے اپنے کپڑے، اپنے آپ اور آس پاس کو صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت کو تسلیم کریں۔
- اس حقیقت کو تسلیم کریں کہ جراثیم بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں اور وہ طریقے بتانا جن کی مدد سے ہم جراثیم سے بچ سکتے ہیں۔
- بیماریوں (جیسے کھانسی اور پیچش وغیرہ) کا سبب بننے والی غیر صحت مند عادات کی شناخت کریں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- اپنے آپ اور اپنے آس پاس کو صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت کو تسلیم کرسکیں۔
- جو جراثیم بیماریوں کا باعث بنتے ہیں انھیں شناخت کرسکیں۔
- غیر صحت مند عادات کی فہرست بنائیں۔

مختلف نصابی روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے وابستہ ہے، کیوں کہ صاف ستھرا جسم صحت مند جسم بناتا ہے اور صحت مند جسم صحت مند سماج تشکیل دیتا ہے۔
- جسم اور سماج کی صفائی آپس میں جڑی ہوئی ہے۔ اس کا تعلق حیاتیات/ بایولاجی (سائنس سے بھی ہے) جیسے کوئی غیر صحت مند عادت کس طرح ہمارے جسم پر اثر انداز ہوسکتی ہے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔

منسلک/شامل مہارتیں:

بجا لانا، ذہنی نقش بندی، بول چال، ادراک کرنا، داخل کرنا

درجات کے مابین ترقی:

| GRADE II | ECCE |
|---|---|
| • اپنے ماحول کو صاف رکھنا۔ | • ہماری غذائی حسیت<br>• خوراک وہ جو ہم کھاتے ہیں<br>• متوازن غذا |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

### معما

صحت مند عادات اور غیر صحت مند عادات کو ظاہر کرنے والی تصاویر استعمال کریں۔ طلبہ کو ہر ایک تصویر دکھلائیں اور ان سے پوچھیں کہ "کیا یہ صحت مند عادت ہے یا غیر صحت مند؟"

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- کمرۂ جماعت میں مباحثے
- ویڈیوز
- سرگرمیاں
- فلیش کارڈز
- پوسٹرز

## موادی تعاون Content Support

صفائی ستھرائی ایسا عمل ہے جو زور زبردستی سے نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ایک اچھی عادت ہے اور صحت مند زندگی کے لیے ایک صحت مند آغاز ہے۔ بہت سے اسباب کے بنا پر صفائی اچھی عادت ہے۔

- وہ بیماریوں سے بچاتی ہے۔
- لوگ آپ کی صفائی ستھرائی کو دیکھ کر آپ کے حوالے سے اندازہ لگاتے ہیں کے آپ کیا ہیں۔
- یہ کامیابی کا اہم رکن ہے۔

ہماری اچھی صحت کے لیے ہر طرح کی صفائی ستھرائی ضروری ہے، چاہے وہ شخصی صفائی ہو، آس پاس کی صفائی ہو، ماحولیاتی صفائی ہو یا کام کرنے

کے لیے مختص جگہ (جیسے اسکول، کالج، آفس وغیرہ) کی صفائی ہو۔ ہم سب کو اچھی طرح سے معلوم ہونا چاہیے کہ ہم اپنی زندگی میں کیسے صفائی کو قائم رکھیں۔ ہماری روزمرہ کی عادتوں میں صفائی ستھرائی کو شامل کرنا بے حد آسان ہے۔ ہمیں کبھی بھی صفائی پر مصلحت (کمپرومائیز) نہیں کرنا چاہیے، وہ اتنی ضروری ہے، جتنی غذا اور پانی ہمارے لیے ضروری ہیں۔ اس عادت کو بچپن سے ہی استعمال میں لانا چاہیے۔

## صحت مند عادات

صحت مند رہن سہن (لائف اسٹائل) اچھی زندگی کا بنیاد ہے۔ ایسا رہن سہن حاصل کرنے کے لیے ہمیں کچھ دینا نہیں پڑتا، پھر بھی آج کل کافی لوگ اسکی پیروی نہیں کرتے۔ اس کے لیے پختہ ارادہ کی ضرورت پڑتی ہے، جس کے بدولت ہم صحت مند رہن سہن اختیار کرتے ہیں۔ دن میں ہمیں بہت سارے کام کرنے پڑتے ہیں، جس مصروفیت کی وجہ سے ہم اپنی صحت کا خیال رکھنا بھول جاتے ہیں۔ یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم یہ تسلیم کریں کہ صحت مند رہن سہن کو اختیار کرنے کی ضرورت کو سمجھنا بہت اہم ہے۔ اور یہ سمجھنا بھی ضروری ہے کہ وہ کیسے حاصل کیا جائے۔

- روزانہ نہائیں۔
- دو بار دانتوں کو برش کریں۔
- صاف غذا کھائیں۔
- صاف پانی پئیں۔
- کھانے سے پہلے ہاتھ دھوئیں۔
- بیت الخلا (ٹوائلٹ) میں جانے کے بعد اپنے ہاتھ دھوئیں۔
- دھلے اور استری کیے ہوئے کپڑے پہنیں۔
- بالوں کو باقاعدگی سے برش کریں۔
- پالش کیے ہوئے جوتے پہنیں۔
- اپنے کمرے کو صاف رکھنے کی کوشش کریں۔
- اپنے الماری کو ترتیب سے رکھیں۔
- اپنے نوٹ بکس کو صاف ستھرا رکھیں۔

## متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/yRNXfe9-aWo

https://youtu.be/Ft84v3cbTvo

منصوبہ سبق 3.1:

## یونٹ نمبر ۳: اپنے آپ کو صاف رکھنا
## موضوع: اپنے آپ کو صاف رکھنے کے اطوار
## دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- ان اطوار کی شناخت کریں جن کی مدد سے وہ اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں (کھانے سے پہلے اور بعد میں اور غسل خانہ استعمال کرنے کے بعد ہاتھ دھونا، ناخن کاٹنا، روزانہ برش کرنا، باقاعدگی سے نہانا وغیرہ)
- اپنی صحت کے لیے اپنے آپ، اپنے کپڑے اور آس پاس کو صاف رکھنے کی اہمیت کو تسلیم کریں۔

**مقصد**

- خود کو صاف رکھنے کے طریقے سیکھیں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

آؤ وقت سے پہلے مکمل کریں!

- طلبہ کو کہیں کہ اپنی چیزیں سنبھال کر رکھیں اور اپنی آس پاس کو پانچ منٹوں میں صاف کریں۔
- اسٹاپ واچ کی مدد سے طلبا کو دکھائیں کہ کتنا وقت باقی بچا ہے۔
- جس طالبہ نے اپنے آس پاس کو سب سے پہلے صاف کیا ہے، اس کو آپ چھوٹا موٹا تحفہ دے سکتے ہیں۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 19 پڑھیں اور وضاحت کریں

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (بیس منٹ)

- ورک شیٹ 3.1 مکمل کی جائے گی۔
- مندرجہ ذیل کام کے رول پلے کرنے میں بچّوں کی مدد کریں: (آؤ صفحہ 19 پر معلوم کریں)

(الف) ہاتھ دھونا (ب) دانتوں کو برش کرنا

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (پندرہ منٹ)

اپنا کام اٹھائیں!

- صفائی والے کاموں کے نام انڈیکس کارڈ پر لکھیں۔

- طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کریں اور کوئی بھی کارڈ اٹھائیں، اور پھر اپنے اٹھائے ہوئے کارڈ پر جو لکھا ہے، وہ کام کریں۔
- اپنے چناؤ میں تھوڑی سی ورائٹی کے لیے کچھ ایسے کام (ٹاسک) جیسے ''آرام کریں'' یا ''جب صفائی ہو جائے تو اس کی پڑتال کریں''، شامل کریں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: ان طلبہ کو ذہن میں رکھیں جو صفائی والے کام سے لطف اندوز ہو رہے ہیں اور ان کی تعریف کرتے ہوئے انھیں کہیں ''واہ! آپ نے تو بہت اچھے طریقے سے کام سرانجام دیا ہے'' وغیرہ۔

تائید: اگر کوئی طالب علم صفائی والے کھیل میں لطف اندوز نہیں ہو رہا ہے تو اس کو یہ بتا کر ترغیب دیں کہ ''جو صحیح طرح سے کام کرے گا، اس کو انعام دیا جائے گا۔'' آخر میں چھوٹا سا انعام اچھے کام کرنے والے کو دے سکتے ہیں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- صبح کو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- دن میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- سونے سے پہلے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

گھر کا کام

- صفائی والی روٹین کے حوالے سے ایک رنگین چارٹ بنائیں۔

منصوبہ سبق 3.2:

## موضوع: جراثیم سے بچنے کے طریقے

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اس حقیقت کو تسلیم کریں کہ جراثیم بیماری کا سبب بنتے ہیں اور ان سے بچنے کے طریقوں کی فہرست بنائیں۔

مقصد

- جن طریقوں سے ہم جراثیم سے بچ سکتے ہیں، ان کی شناخت کریں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- جراثیم کی اشکال بنائیں
- طلبہ جراثیم کی مختلف شکلیں بنا کر اور پھر ان پر رنگ بھر کے لطف اندوز ہوں گے۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 20 کو پڑھیں اور سمجھائیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- ورک شیٹ 3.2 مکمل کی جائے گی۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

جراثیم کیسے پھیلتے ہیں؟

ہمیں ان سے بچاؤ کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

- پانی کا بڑا پیالا
- چمک

طریقہ کار:

- پانی میں چمک glitter ڈالیں اور طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنے ہاتھوں سے پانی سے کھیلیں۔ اس کے بعد ہاتھوں پر لگے ہوئے چمک کا مشاہدہ کریں۔ انھیں سمجھائیں کہ ان کے ہاتھوں پر جو چمک (گلٹر) لگا ہے، وہ جراثیم کے مانند ہے۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ صرف پانی سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور پھر دیکھیں کہ کیا ہوتا ہے۔
- جب چمک پانی سے نہ اترے تو بچوں کو بتائیں کہ اب پانی اور صابن کو ملا کر ہاتھوں کو دھونے کی کوشش کریں۔ اب یہ ذہن میں رکھیں کہ صابن سے ہاتھ دھونے سے چمک صاف ہو گیا ہے۔ طلبہ کو سکھائیں کہ جراثیم بھی اسی طرح سے ہوتے ہیں، اس لیے ہاتھ دھونے کی بڑی اہمیت ہے۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: 'کیسے جراثیم پھیلتے ہیں' کے متعلق طلبہ کو ویڈیو دکھائیں، تاکہ وہ اپنی سرگرمی کو حقیقت سے جوڑ سکیں۔

تائید: یہ سرگرمی گروہوں میں کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ ہر طلبہ عملی طور پر سیکھ رہا/ رہی ہے۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- جراثیم کے بارے میں بات کر سکیں۔
- جراثیم کو مارنے کے کون سے طریقے ہیں؟

گھر کا کام

- جن طریقوں سے جراثیم کو مارا جاتا ہے ان کو رنگین پیپر پر لکھیں۔

منصوبہ سبق 3.3:

## موضوع: غیر صحت مند عادتیں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- ان غیر صحت مند عادات کی شناخت کریں جو بیماریوں کا باعث بنتی ہیں (جیسے، کھانسی، اور پیچش وغیرہ)

**مقصد**

- غیر صحت مند عادات کو، جو بیماریوں کا باعث بنتی ہیں، سمجھیں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

- مختلف عادات کو ظاہر کرنے والے فلیش کارڈ کا استعمال کریں۔
- طلبہ کو کارڈ دکھائیں اور انھیں کہیں کہ وہ فیصلہ کریں کہ یہ عادت صحت مند ہے یا غیر صحت مند۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

- صفحہ نمبر 21 پڑھیں اور سمجھائیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)**

- ورک شیٹ 3.3 مکمل کی جائے گی۔

**آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)**

چار چار طلبہ کے گروہ بنائیں اور انھیں کہیں کہ وہ کسی بھی بیماری پر گفتگو کریں جو انھیں غیر صحت مند غذا کھانے یا ماحول کی وجہ سے لگی ہے۔

- یہ بھی بحث کریں کہ وہ کیسے صحت مند ہوئے (صفحہ نمبر 23)

**امتیاز (Differentiation)**

تقویت: بیماری کے اسباب کی تشخیص میں ان کی مدد کریں۔

تائید: یہ یقینی بنائیں کہ ہر طالب علم / طالبہ علم اپنی کہانی بتا رہا / رہی ہے۔

**تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)**

- اگر ہمیں کھانسی یا زکام ہو رہا ہے تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- پیچش کی بیماری کا کون سا سبب ہے۔

گھر کا کام

- صحت مند عادات کا پوسٹر بنائیں اور متعلقہ تصاویر کا استعمال کریں۔

## منصوبہ سبق 3.4:

### موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقے بیان کرسکیں۔
- بیان کریں کہ جراثیم کیا ہیں اور کیسے وہ بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔
- صحت مند اور غیر صحت مند عادات میں فرق کو بیان کرسکیں۔

### مقصد

- یہ ذہن نشین کر کے پختہ کریں کہ اپنے آپ کو کیسے صاف رکھیں، جراثیم کو کیسے ماریں اور کون سی ایسی عادات ہیں جن کو اختیار کرنے سے ہم جراثیم سے بچ سکتے ہیں۔

### ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- صفحہ نمبر 22 پر ذہنی نقشہ۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- صفحہ 22 اور 23 پر موجودہ باب کی نظر ثانی۔

تشخیص (Assessment)

- ورک شیٹ 3.4 کو مکمل کیا جائے گا۔

گھر کا کام

- غیر صحت مند عادات کی وجہ سے جو بیماریاں لگ سکتی ہیں، ان کی فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ 3-1

اس تصویر کو دائرہ لگائیں جو صحت مند دانتوں کا سبب بنتی ہیں۔























# ورک شیٹ 3-2


## جراثیم


کیا ہم جراثیم لگنے سے بیمار ہوتے ہیں؟


ہاں



نہیں


کیا ہم جراثیم کو دیکھ سکتے ہیں؟


ہاں



نہیں


کیا جراثیم ہمیں خوش بنا سکتے ہیں؟


ہاں


نہیں

کیا ہم اپنے آپ کو جراثیم سے محفوظ بنا سکتے ہیں؟


ہاں


نہیں

# ورک شیٹ 3-3

عادتیں جو ہمیں جراثیم سے محفوظ رکھتی ہیں

عادتیں جو جراثیم کو پھیلاتی ہیں

تصویر کو کاٹ کے صحیح خانہ میں چسپاں کریں۔










تصاویر کو آپس میں ملائیں
















دو عادتیں بتائیں جو ہمیں صحت مند رکھتی ہیں۔

______________________________

______________________________

دو عادتیں لکھیں جو ہمیں بیمار کرتی ہیں۔

______________________________

______________________________

# میرا خاندان اور احباب

**منصوبہ سبق معلومات**

**مضمون**

**معلومات عامہ**

**درجہ: اوّل**

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- کچھ خاندانی ارکان (والدین، بھائی، بہنیں، بڑے والدین، تایہ، تائی، چاچی، چاچا، ممانی، ماموں، چچازاد/خالہ زاد/ ماموں زاد بھائی اور بہنیں) کی شناخت کریں۔
- یہ تسلیم کریں کہ انھیں ہر خاندانی رکن اور دوست کا احترام کرنا چاہیے۔
- اپنے کچھ دوستوں/سہیلیوں کی خاص خوبیاں بیان کریں
- اپنے بچپن میں ان کے والدین نے جو مختلف چیزیں ان کے لیے کی، ان کو بیان کریں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- طلبہ کو اس لائق بنانا کہ وہ مختلف رشتوں اور زندگی میں ان کی اہمیت کو سمجھیں۔

مختلف نصابوں کے مابین روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے وابستہ ہے، کیوں کہ وہ رشتوں کی اخلاقیات کو سمجھاتا ہے۔
- یہ انسانی طرزِعمل کی سائنس کے ساتھ بھی تعلق رکھتا ہے اور یہ بیان کرتا ہے کہ لوگ دوسرے لوگوں سے کیسے برتاؤ کرتے ہیں، جو ان کے ساتھ گہرے تعلق میں آتے ہیں۔

منسلک/شامل مہارتیں:

یاد کرنا، ذہن نشین کرنا، ذہنی نقشہ بندی، بول چال، ادراک کرنا

درجات کے مابین ترقی:

| GRADE II | ECCE |
|---|---|
| • چیزوں میں دوسرون کو شریک کرنا<br>• دوسروں کی مدد کرنے کے طریقے<br>• تمام لوگوں کا احترام کرنے کی ضرورت<br>• دوسروں کو تکلیف دینے سے پرہیز کرنا<br>• تکلیف کو گھٹانے کے طریقے<br>• دوسروں کو معاف کرنا | • میں خود<br>• میرا خاندان<br>• میں اور میرا اسکول |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

خاندان کے حوالے سے کوئی دلچسپ کہانی سنا کر آپ طلبہ کی دلچسپی بڑھا سکتے ہیں۔

آن لائن کہانیوں کے لیے لنک

اخلاقی سبق کے ساتھ خاندانی کہانیاں، بچوں کے لیے خاندانی کہانیاں، مسلمان خاندان، خوبصورت گریجوئیشن تحفہ، خاندان میں تحائف دینے کے لئے، مسلمان خاندانوں کی اخلاقی کہانیاں. (ezsoftech.com)

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- پوسٹر بنانا
- کمرۂ جماعت میں مباحثے
- کہانی کتابیں
- ویڈیوز
- سرگرمیاں

## موادی تعاون Content Support

ایک خاندان لوگوں کا سماجی گروہ ہے جو ایک چھت کے نیچے سماج کے اندر رہتا ہے۔ وہ دو یا دو سے زیادہ بالغان، جیسے والدین یا دادا دادی/ نانا نانی، اور نوجوان بچے جو آپس میں خون اور پیدائش کے لحاظ سے جڑے ہوئے ہیں، پر مشتمل ہوتا ہے۔ وہ مجموعی طور پر خاندانی ارکان کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ہر خاندانی رکن ایک دوسرے کے ساتھ باہمی رشتے میں جڑا ہوا ہے۔

خاندان کی اہمیت:

افراد کی زندگی میں اخلاقی اقدار سکھانے میں خاندان مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ جب دنیا بہت جدید اور ترقی یافتہ بن رہی ہے، تب بھی خاندان اور اس کے کارج کی اہمیت برقرار ہے۔ والدین، خالائیں، پھوپھیاں، تایا، چچا، ماما، اور بڑے والدین بچوں کو اخلاقیات اور نظم و نسق کے معاملات پر سبق دیتے رہتے ہیں۔

کون سی چیز خاندان کو مضبوط بناتی ہے:

بہت سارے عوامل کی مدد سے خاندان مضبوط ہوتا ہے۔ ان میں یقینی طور پر اہم ترین عنصر پیار ہے۔ خاندان میں تعلقات کو بڑھانے کے لیے پیار ایک بہت اہم چیز ہے۔ جب خاندان میں پیار ہوتا ہے تو خاندان خوشحال بنے گا۔

وفاداری بھی ایک ایسی چیز ہے جو خاندان کو مضبوط بناتی ہے۔ یہ پیار کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے۔ تمام خاندانی ارکان ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔

بہترین ابلاغ بھی اس رشتے کو مضبوط بناتا ہے۔ خاندان کے تمام ارکان وقت نکال کر آپس میں ایک دوسرے سے باتیں کریں اور ایک دوسرے کو جاننے کی کوشش کریں۔

متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/yRNXfe9-aWo

https://youtu.be/Ft84v3cbTvo

منصوبہ سبق 4.1:

یونٹ نمبر ۴: میرا خاندان اور احباب

موضوع: میرا خاندان

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے خاندان کے ارکان (والدین، بھائی، بہنیں، بڑے والدین) کی شناخت کریں۔
- وہ یہ تسلیم کریں کہ انھیں تمام خاندانی ارکان اور احباب کا احترام کرنا چاہیے۔

مقصد

- طلبہ کو اس لائق بنانا کہ وہ اپنے خاندانی ارکان کو پہچان سکیں۔

- انھیں اپنے رشتے داروں سے کیسے برتاؤ کرنا ہے، کو سیکھنے کے لیے متوجہ کرنا۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ سے ان کے بہن بھائی، خاندانی ارکان اور ان کے خاندانی نظام کے متعلق پوچھیں۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

- خاندانی شجرہ کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو کہیں کہ وہ شجرہ خاندانی کے خانوں میں تصاویر بنائیں یا چپکائیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- دی گئی ورک شیٹ کو مکمل کریں۔

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (بیس منٹ)

- آپ کے خاندانی ارکان کے نام، آپ کے ساتھ رشتے کے ساتھ لکھیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ صحیح کام کر رہے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تعاون: جن طلبہ کو اپنا رشتہ لکھنے میں دشوار ہو رہی ہو، ان کی مدد کریں۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

- آپ کے کتنے بھائی بہن ہیں؟
- آپ کے کتنے چچا، ماموں اور خالائیں اور ممانیاں ہیں؟

**گھر کا کام**

- رنگین پیپر پر اپنے خاندان کی تصویر لگائیں یا بنائیں اور اس کو اپنے نوٹ بک پر چسپاں کریں۔

## منصوبہ سبق 4.2:

### موضوع: دوسرے خاندانی اراکین

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے ددھیالی اور ننھیالی رشتے داروں، تایا، چچا، ماموں، خالائیں، ممانیاں، چچازاد، خالہ زاد، ماموں زاد بھائی، بہنوں کی شناخت کرسکیں۔

- یہ تسلیم کریں کہ انھیں تمام خاندانی اراکین اور احباب کا احترام کرنا چاہیے۔

مقصد

- طلبہ کو اس لائق بنانا کہ وہ اپنے رشتے داروں جیسے تایا، چاچا، ماموں، چچا زاد، ماموں زاد بھائیوں اور بہنوں وغیرہ کی شناخت کرسکیں۔
- انھیں اس لائق بنانا کہ وہ اپنے مادرانہ اور پدری رشتے داروں میں فرق جان سکیں۔
- ان کو اس لائق بنانا کہ وہ یہ سمجھ سکین کہ اپنے رشتیداروں کے ساتھ کیسے برتاؤ کرنا ہے۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- اپنے طلبہ سے ان کے اپنے رشتے داروں کے متعلق پوچھیں۔ طلبہ سے ان کے پسندیدہ چاچا، ماموں یا چاچی، خالہ، مامی، یا خالہ زاد، ماموں زاد بھائی یا بہن وغیرہ کے متعلق پوچھیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 26 کو پڑھیں اور سمجھیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

STEAM سرگرمی

- خاندانی شجرہ سے منسلک آرٹ سرگرمی مکمل کی جائے گی۔

وسائل:

- رنگین کارڈ بورڈ
- گوند
- قینچیاں

کارڈ بورڈ سے درخت کا تنا کاٹیں۔ جو شکل آپ کو پسند ہو، اسے چنیں، جیسے (ستارا، چاند، دل، جانور) اور اس کی کافی کاپیاں کاٹ کر بنائیں۔ ان کو پتوں کی طرح درخت میں لگائیں۔ بچوں کے ہاتھ (ایک ہاتھ فی خاندان) اس پر ٹریس کر کے لگائے۔ بچوں سے ہاتھ کی شکلیں کٹوا کر درخت کے تنا پر لگوائیں۔ ہر ہاتھ پر بچوں کے خاندانی اراکین کے نام لکھیں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

- طلبہ سے کہیں کہ وہ کچھ کہانیاں بتائیں جو انھیں اپنے بڑے والدین نے سنائی تھی۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ اچھی کہانی سنائیں، انھیں کوئی انعام دینے کی تیاری کریں۔

تائید: جو طلبہ اپنی کہانی سناتے وقت شرماتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- مادرانہ/ننھالی رشتے دار کون ہیں؟
- ددھیالی/آبائی رشتے دار کون ہیں؟

گھر کا کام

- صفحہ نمبر 31 پر سوال نمبر 1 حل کریں۔

## منصوبہ سبق 4.3:

### موضوع: میرے احباب

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے کچھ دوستوں کی خاص خوبیاں بیان کرسکیں۔
- ان کے والدین نے اپنے بچپن میں جو چیزیں مختلف کی تھیں، ان کو بیان کرسکیں۔

مقصد

- طلبہ کو دوستی کی اخلاقیات کے متعلق بتائیں۔
- انھیں سکھائیں کہ کیسے اپنے احباب کا احترام اور دھیان کرنا چاہیے، اور کس طرح اپنی چیزوں میں شریک کرنا چاہیے۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- صفحہ نمبر 28 کو تیاری کی سرگرمی کے طور پر مکمل کیا جا سکتا ہے۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 27 کو پڑھیں اور سمجھائیں۔
- صفحہ نمبر 27 پر دی گئی تصویر کو سمجھائیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- دی گئی ورک شیٹ کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

- صفحہ نمبر 31 کا سوال نمبر 2 حل کیا جائے۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: یہ دیکھیں کہ کون سے طلبہ لکھائی کر سکتے ہیں۔

تائید: جن طلبہ کو دشواری ہو رہی ہو ان کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- کون سی ایسی خوبیاں ہیں، جو آپ اپنے دوست میں دیکھنا چاہتے ہیں؟

گھر کا کام

- اپنے بچپن میں آپ کے والدین نے اپنے دوستوں کے ساتھ جو کھیل کھیلے تھے ان کے متعلق چند سطریں لکھیں۔

## منصوبہ سبق 4.4:

### موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- رشتوں اور ان کے فرائض کو سمجھ سکیں۔

مقصد

- خاندان اور احباب کے تصور کو ذہن نشین کر کے پختہ کیا جائے۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- سابقہ گھر کے کام پر گفتگو کی جا سکتی ہے۔
- طلبہ کو آمادہ کریں کہ ان کے والدین نے انھیں جو بتایا ہے کہ وہ اپنے بچپن میں کیا کرتے تھے، وہ دوسروں کو بتائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 29 پر دیے گئے ذہنی نقشہ پر بات چیت کریں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 30 پر دی گئی مشق کو مکمل کریں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

تشخیصی سرگرمیاں (Disgnostic Activity)

ذرائع

- پیپر پلیٹیں
- مارکر
- مختلف رنگوں میں پہلے سے کٹا ہوا دھاگہ
- بٹن یا گوگلی آنکھیں
- گوند
- کرافٹ اسٹکس

بچے اس سامان کو استعمال کر کے اپنے خاندان کی اراکین کے چہرے بنائیں۔ ''آپ کی والدہ کی آنکھوں کا رنگ کیا ہے؟ بالوں کا رنگ کیا ہے، آپ کے والد کی داڑھی ہے؟'' جیسے سوال کر کے ان کی مدد کریں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: تشخیص کریں کہ کون سے طلبہ اپنے خاندانی اراکین کی درست شکلیں بنا رہے ہیں۔

تائید: ان طلبہ کی نشان دہی کریں جو درست چہرے بنانے میں پریشان ہیں۔ ان کو سمجھائیں کہ بنانے سے پہلے کام کو مکمل طور پر سمجھیں۔

گھر کا کام

- صفحہ نمبر 31 پر سوال نمبر 2

## ورک شیٹ 4-1

والدہ، والد، دادی، دادا،

بھائی، بہن، میں، بچہ۔





OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 2-4

### میں

میری تصویر

مجھے پسند ہے...

میرا پسندیدہ کھانا ہے...

میرا پسندیدہ کھیل ہے...

### میرا دوست


میرے دوست کی تصویر

میرا دوست پسند کرتا ہے...

میرا دوست کا پسندیدہ کھانا ہے...

ہمارا پسندیدہ کھیل ہے...

# کھیل اور قاعدے

| | |
|---|---|
| منصوبہ سبق معلومات<br><br>مضمون<br><br>معلومات عامہ<br><br>درجہ: اوّل<br><br>دورانیہ<br>۴ اسباق | سیکھنے کے نتائج:<br>تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• گروہوں میں سرگرمیوں اور کھیلوں میں حصہ لے کر رفاقت کی اہمیت جان سکیں۔<br>• قواعد کی تعریف کرسکیں اور قواعد کی پیروی کرنے کی اہمیت بیان کرسکیں۔<br>• اچھی صحت کے لیے کھیل کھیلنے اور ورزش کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>سیکھنے کے مقاصد:<br>• رفاقت کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• قواعد کی تعریف کریں۔<br>• قواعد کی پیروی کی اہمیت تسلیم کریں۔<br>• صحت کے لیے ورزش کرنے کی اہمیت کو سمجھیں۔<br>مختلف نصابوں کے مابین روابط<br><br>• یہ موضوع جسمانی تعلیم سے منسلک ہے۔ بچوں کی بالیدگی کے لیے بیرونی کھیلوں کی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔<br>• یہ موضوع نفسیات کے ساتھ بھی منسلک ہے، کیون کہ کھیلوں کے ذریعہ بچے کا ذہن تازہ رکھا جا سکتا ہے اور اس کی صحت مند ذہنی بالیدگی کے لیے بھی ضروری ہے۔<br>• جیسا کہ صحت مند ذہن اور جسم اچھا سماج بناتے ہیں، اس لیے سماج کے لیے کھیل کھیلنے کی اہمیت ہے۔ |

منسلک/شامل مہارتیں:

یاد کرنا، ذہنی نقشہ بندی، بولنا، بجا لانا، تجزیہ کرنا، ابلاغ، اشتراک۔

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • میں اور میرا سکول<br>• میرا خاندان<br>• میری قبولیت | • تکرار اور اختلاف رائے<br>• افراد اور برادری<br>• اچھی شہریت |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

- طلبہ سے ان کے پسندیدہ ویڈیو کھیل کے متعلق پوچھیں۔
- ہر کھیل کے کچھ قواعد ہوتے ہیں، جو کھیلنے کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔
- اگر وہ ان قواعد پر عمل نہیں کریں گے تو کھیل ہار جائیں گے، اس لیے ہر کھیل کے لیے قواعد کی بڑی اہمیت ہے۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- کمرۂ جماعت میں گفتگو
- ویڈیوز
- سرگرمیاں
- فلیش کارڈ

## موادی تعاون Content Support

انسانی زندگی میں کھیلوں کی حقیقی اہمیت ہے۔ اپنی جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ہمیں باقاعدہ کھیل کھیلنے چاہیے۔ صحت مند ذہن صحت مند جسم میں رہتا ہے۔ کھیل جسم کو فٹ اور سرگرم رکھتے ہیں۔ وہ ہمیں تعاون اور نظم و نسق کا سبق سکھاتے ہیں۔ وہ ہمیں بہت سارے قواعد سکھلاتے ہیں، جو ہمیں ایک منظم شخص بننے میں مدد کرتے ہیں۔

وہ اس وجہ سے بھی اہمیت کے حامل ہیں

- جماعت میں مل کر کام کرنا سیکھنے کے لیے کھیل بہترین انتخاب ہے۔
- طلبہ کی زندگی میں آنے والے دباؤ سے چھٹکارا دلاتے ہیں۔
- قیادت کی خوبی کو نکھارتے ہیں۔

- قوت برداشت کو بڑھاتے ہیں۔
- خود اعتمادی کو بڑھاتے ہیں۔
- وہ ہمیں کام کے لیے قابل بناتے ہیں۔

کھیلوں کے اقسام:

اندرونِ خانہ کھیل: یہ کمروں اور بڑے ہال میں کھیلے جاتے ہیں، مثال کے طور پر کارڈ، کیرم، لڈو، شطرنج، بہت سی عام کھیل ہیں۔ اندرون خانہ کھیل ہمیں اپنی ضروری ادراکی صلاحیت کی مشق کرنے میں مدد کرتے ہیں اور دماغ کے ان حصوں کو بڑھاتے ہیں جو یاداشت بنانے اور پیچیدہ سوچ بچار کے لیے ذمّے دار ہوتے ہیں۔

بیرونی کھیل: یہ کھیل کھلے میدانوں اور کھیل میدانوں میں کھیلے جاتے ہیں، مثلاً ہاکی، کرکٹ، ٹینس، وغیرہ۔ ان کھیلوں کی بھی طلبہ کی زندگی میں اہمیت ہوتی ہے۔ کچھ کھیل ہماری ذہنی صحت کے لیے پر اثر ہوتے ہیں جیسے شطرنج، کچھ کھیل بڑوں یا پیشہ ور کھلاڑیوں کی رہنمائی میں کھیلنے چاہیے کیوں کہ وہ کسی چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں جیسے فٹ بال۔

منصوبہ سبق 5.1:

**یونٹ نمبر ۵: کھیل اور قاعدے**
**موضوع: کھیل کے اقسام**
**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:
- مختلف کھیلوں کی شناخت کرسکیں۔
- اندرون خانہ اور بیرون خانہ کھیلوں کی شناخت کرسکیں۔

**مقصد**

- کھیلوں کے مختلف اقسام کی شناخت کرسکیں۔مثال کے طور پر اندرون خانہ کھیل اور بیرون خانہ کھیل، گروہ میں کھیلے جانے والے کھیل اور انفرادی طور پر کھیلے جانے والے کھیل۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ کھیل کا نام بتائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 33

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- ورک شیٹ 5.1 مکمل کی جائے گی۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

- جن کھیلوں کے متعلق آپ جانتے ہیں، ان کی فہرست بنائیں۔
- ہر کھیل کے متعلق لکھیں۔ کیا یہ اندرون خانہ یا بیرون خانہ کھیل ہے؟ کیا یہ گروہ میں کھیلا جا سکتا ہے؟

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ اچھی طرح سے کام کر رہے ہیں، ان کی تعریف کریں۔

تائید: اگر ان کو کوئی مسئلہ درپیش ہے تو ان کو صاف لکھنے میں مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- ان کھیلوں کے نام بتائیں جو اندرون خانہ کھیلے جا سکتے ہیں۔

گھر کا کام

- آپ کا پسندیدہ کھیل کون سا ہے؟ اپنے پسندیدہ کھیل کے متعلق کچھ سطریں لکھیں۔

## منصوبہ سبق 5.2:

موضوع: قواعد

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- قواعد کی معنی کو شناخت کر سکیں۔
- قواعد کی پیروی کی اہمیت کو شناخت کر سکیں۔

مقصد

- طلبہ کو اس لائق بنائیں کہ وہ قواعد کی معنی سمجھ سکیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کے ساتھ Chinese Whisper کھیل کھیلیں۔ اور انھیں قواعد کے متعلق بتائیں کہ کھیل کیسے کھیلا جائے۔ طلبہ کو بتائیں کہ اگر آپ قواعد کی پیروی نہیں کریں گے تو آپ کھیل سے لطف اندوز نہیں ہوسکیں گے۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 34

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ذرائع

- چارٹ پیپر
- رنگین مارکر

طریقہ کار:

- اپنے پسندیدہ کھیل کے متعلق پوسٹر بنائیں۔
- کھیل کے قواعد کی فہرست رنگین مارکر سے بنائیں۔
- پوسٹر کو رنگین بنانے کے لیے متعلقہ تصاویر بنائیں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

- پانچ طلبہ پر مشتمل گروہ بنائیں۔
- انھیں کہیں کہ وہ کوئی ایسا کھیل کھیلیں جو گروہوں میں کھیلا جاتا ہے۔
- انھیں کہیں کہ وہ کھیل کے قواعد بنائیں اور پھر کھیلیں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: خبر رکھیں کہ کون سے طلبہ قواعد کی پیروی کر رہے ہیں۔

تائید: طلبہ جو کھیل کھیل رہے ہیں، اُن کے قواعد بنانے میں ان کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- کھیل کے قواعد بنانے کے کیا فوائد ہیں؟

گھر کا کام

- اپنے خاندان کے ساتھ کوئی بھی اپنے پسند کا کھیل کھیلیں اور کھیل کے قواعد بنائیں۔ مزید اُن کے ساتھ کھیل کے قواعد کی اہمیت پر گفتگو کریں۔

منصوبہ سبق 5.3:

## موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- کھیلوں کی اہمیت بیان کرسکیں۔
- قواعد کو بیان کرسکیں۔

### مقصد

- کھیلوں کی اہمیت اور اقسام دُہرا کر پختہ کریں۔
- کھیلوں میں قواعد کی اہمیت دُہرا کر پختہ کریں۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ کسی ایک بیرون خانہ اور ایک اندرون خانہ کھیل کا نام بتائیں۔

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- صفحہ نمبر 35 کو مکمل کیا جائے گا۔

### تشخیص (Assessment) (بیس منٹ)


- ورک شیٹ 5.2 مکمل جائے گی

### گھر کا کام


- اپنے والدین کے ساتھ کھیلوں کی اہمیت پر گفتگو کریں اور اپنے کاپی میں ان کی فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ 5-1


کھیل کا نام لکھیں۔مزید یہ بتائیں کہ کون سا کھیل بیرون خانہ اور اندرون خانہ ہے۔

















OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 5-2

اپنی پسندیدہ گیم کی تصویر بنائیں

اپنے پسندیدہ کے قواعد لکھیں۔

# محلّہ

| | |
|---|---|
| منصوبہ سبق معلومات | سیکھنے کے نتائج:<br>تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• وہ جان سکیں کہ کافی خاندان کسی ایک جائے وقوع پر رہتے ہوئے محلہ کو تشکیل دیتے ہیں۔<br>• اپنے محلہ کو اصطلاحوں (لوگوں، باڑوں، دکانوں، گلیوں، پارکوں اور کھیل کے میدانوں کے حوالے سے) میں بیان کریں<br>• محلہ کے تصویری نقشہ میں اہم جگہوں کی شناخت کرسکیں۔<br>• گھروں کے مختلف اقسام (بنگلوز، مٹی کے گھر، جھونپڑے، اور اپارٹمنٹ کی شناخت کرسکیں۔<br>• اپنے گھر کو بیان کرسکیں اور یہ جان سکیں کہ محلہ کیسے صاف ستھرا یا گندا ہوتا ہے۔<br>• اپنے گھروں اور محلہ کو صاف ستھرا رکھنے کے آئیڈیا کو عمل میں لائیں اور سمجھ سکیں۔ |
| مضمون | |
| معلومات عامہ | سیکھنے کے مقاصد:<br>• محلّہ کی اصطلاح سمجھ سکیں۔<br>• محلہ کو صاف ستھرا رکھنے کے اطوار سیکھیں۔<br>• آب و ہوا کے حساب سے گھروں کے اقسام کی شناخت کریں۔<br>• تصویری نقشہ کی شناخت کرسکیں۔ |
| درجہ: اوّل<br>دورانیہ<br>۴ اسباق | مختلف نصابوں کے روابط<br><br>• اس موضوع کا سماجی مطالعہ سے تعلق ہے۔ محلہ سماج کا ایک اہم پہلو ہوتا ہے۔<br>• اس کا تعلق اخلاقیات سے بھی ہے، کیوں کہ ہر شخص کو سماج اور اپنے پڑوسیوں کے حقوق ادا کرنے ہوتے ہیں۔ |




OXFORD UNIVERSITY PRESS

منسلک/شامل مہارتیں:

یاد کرنا، ذہنی نقشہ بندی، بولنا، فرض ادائی ادا کرنا، تجزیہ کرنا، ابلاغ، اشتراک

درجات کے مابین ترقی:

| GRADE II | ECCE |
|---|---|
| • گاؤں اور شہری زندگی کی اہم خصوصیات۔<br>• شہری اور گاؤں کی زندگی کا موازنہ | • میرا گھر |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

بچوں کا دھیان متوجہ کرنے کے لیے آپ کے محلے کے دُکانوں اور اسٹوروں پر جو مختلف چیزیں رکھی ہوتی ہیں، اُن کو چھت سے لٹکائیں۔ وہ آپ سے وہ موضوع جاننا چاہیں گے جس پر آپ روشنی ڈالنے جا رہے ہیں۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- STEAM سرگرمیاں
- آرٹس اور ہُنر
- پوسٹر بنانا
- کمرۂ جماعت میں گفتگو
- ویڈیوز
- ورک شیٹیں

## موادی تعاون Content Support

لفظ محلہ دار سے محلہ کا تصور نکلا ہے، جس سے مُراد وہ لوگ ہیں جو ایک دوسرے کے قریب رہتے ہیں۔شہر میں محلہ ہمیشہ ایسا علاقہ ہے جو اُس شہر کا احاطہ کیا ہوا ہوتا ہے یا اس کے قریب میں موجود ہوتا ہے۔ البتہ اس لفظ کی یہ بھی معنی ہے کہ وہ لوگ، جو ایک خاص علاقے یا ضلع میں ایک دوسرے کے قریب رہتے ہوں۔ اگر آپ کہیں کہ بھاری موسیقی نے محلہ کو حیرت میں ڈالا تو اس کا مطلب ہے کہ آپ ان لوگوں کا ذکر کر رہے ہیں، نہ ہی کسی جغرافیائی علاقے کا۔ عام طور پر محلہ کی معنی ہے آس پاس کی اراضی یا علاقہ۔

اچھا محلے دار کیسے بنیں؟

- اپنا تعارف احترام سے کرائیں۔

- اپنے پڑوسی کے ذاتی حدود کا احترام کریں۔
- شور سے چوکنا رہیں۔
- اُدھار پے لی گئی چیزیں فوری طور پر واپس کریں۔
- اپنے پالتو جانور کا خیال کریں۔
- غیر ضروری گپ شپ سے پرہیز کریں۔
- دوستانہ برتاؤ کریں۔
- خاص مواقع پر اپنے پڑوسیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں۔
- اپنے گھر کے آس پاس کو صاف ستھرا رکھنے کا اہتمام کریں۔

**متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک**

https://youtu.be/yRNXfe9-aWo

https://youtu.be/Ft84v3cbTvo

## منصوبہ سبق 6.1:

**یونٹ نمبر ۶: محلّہ**

**موضوع: محلّہ کیا ہے؟**

**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- وہ سمجھ سکیں کہ کافی سارے خاندان ایک جائے وقوع پر رہتے ہوئے محلہ بناتے ہیں۔
- وہ محلہ کو مختلف اصطلاحوں (لوگوں، باڑوں، دُکانوں، گلیوں، پارکوں اور کھیل کے میدانوں وغیرہ۔) کے حوالے سے بیان کرسکیں۔
- محلہ کے تصویری نقشے پر اہم مقامات کی شناخت کرسکیں۔

**مقصد**

- محلہ کے اصطلاح کی تعریف کریں۔
- یہ جانیں کہ محلہ میں دکانیں، پارکیں وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔
- یہ سیکھیں کہ نقشہ اور اس کا استعمال کیا ہوتا ہے۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- اپنے طلبہ کو کہیں کہ وہ باری باری اپنے محلہ کا نام، جس میں وہ رہتے ہیں، بتائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 37 کو پڑھیں اور حل کریں۔
- اُنہیں تصویری نقشے کے بارے میں سمجھائیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

STEAM سرگرمی:

- رنگین کاربورڈ
- سفید پیپر
- پُرانے آرائشی جرائد
- روغن
- گوند
- قینچیاں

طرِیقہ کار:

اپنے طلبہ کے ساتھ سہ ابعادی 3-D کمیونٹی ماڈل بنائیں۔ گھروں کی عمارتوں کی شکلیں کارڈبورڈ سے بنائیں۔ جرائد سے تصاویر کاٹ کرلوگ بنائیں وغیرہ۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

- صفحہ 38 پر اپنے علاقے کا تصویری نقشہ بنائیں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: نقشہ میں شامل کرنے کے لیے نئے نئے خیالات (آئیڈیا) تجویز کریں۔

تائید: یہ نگرانی کریں کہ طلبہ نقشہ بنانے کے اہل ہیں۔ دوسری صورت میں اُن کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- وہ پانچ چیزیں بتائیں جو آپ کے محلہ میں موجود ہیں۔

گھر کا کام

- ورک شیٹ دینی چاہیے۔

منصوبہ سبق 6.2:

## موضوع: گھر کے اقسام

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ وہ گھروں کے مختلف اقسام کی فہرست بنائیں اوران میں فرق کرسکیں۔

**مقصد**

- مختلف اقسام کی گھروں کے مابین فرق کرسکیں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

- کمرۂ جماعت کو یہ احساس دلاسکیں کہ لوگوں کو گھر کیوں چاہیے، گھر بنانے کے لیے کون سا ساز و سامان چاہیے، گھروں میں کون سے مختلف حصے ہوتے ہیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

- صفحہ 39 کو پڑھیں اور سمجھائیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پچیس منٹ)**

STEAM سرگرمی

**انجینئری تعلق:** انجینئر آب و ہوا کے حساب سے گھروں کے عمارت کو ڈیزائن کرتے ہیں۔ یہ وہ ہی سازوسامان استعمال کرتے ہیں، جو اُس علاقے کی آب و ہوا کے لیے مناسب ہوتا ہے، جس پر وہ گھر بنانا چاہ رہے ہیں۔

ذرائع:

- چارٹ پیپر
- رنگین پنسلیں یا مارکر
- روئی
- گھانس پھونس
- چھوٹے پتّھر
- گوند

طریقہ کار:

طلبہ کے گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو کہیں کہ وہ کوئی ایک علاقہ چنیں، جس میں ان کو گھر بنانا ہے۔ اُنہیں کہیں کہ وہ گھر کی تصویر بنائیں

اور اُس میں رنگ بھریں۔ اُنہیں کہیں کہ وہ روئی یا گھانس یا چھوٹے پتھر چسپاں کریں جس سے ان کی چنی ہوئی آب و ہوا ظاہر ہو۔

آخر میں ہر گروہ کے گھر کا موازنہ کریں اور یہ مباحثہ کریں کہ مختلف آب و ہوا میں کون سا سازو سامان مطلوب ہوتا ہے۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: طلبہ سے پوچھیں کہ اُنہوں نے کون سا آب و ہوا اپنے گھر کے ماڈل کے لیے چُنا ہے۔ یہ مشاہدہ کریں کہ طلبہ اپنے چُنے ہوئے آب و ہوا کے مطابق گھر بنا رہے ہیں۔

تائید: طلبہ کو گھر بنانے میں مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

گھروں کے کسی بھی تین اقسام کے نام بتائیں۔

گھر کا کام

اپنے گھر کی تصویر بنائیں اور اُس میں رنگ بھریں۔

صفحہ نمبر 40 پروجیکٹ نمبر 2

## منصوبہ سبق 6.3:

### موضوع: اپنے محلّے کو کیسے صاف ستھرا رکھیں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- جو چیز محلہ کو صاف ستھرا یا گندا بناتی ہے، اس کی شناخت کرسکیں۔
- اپنے گھروں اور محلے کو صاف رکھنے کے تصور کو سمجھیں اور عمل میں لائیں۔

مقصد

- محلے کو صاف رکھنے کے اطوار سیکھیں اور سمجھائیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

ادراکی Cognitive سرگرمی:

آپ اس ادراکی سرگرمی کو تیاری کے طور پر سرانجام دے سکتے ہیں۔ طلبہ کو کہیں کہ وہ چیزوں کو شکل، جسامت، رنگ اور مواد کے حساب سے ترتیب

دیں۔

کمرۂ جماعت کے اندر مختلف باکس رکھیں اور اُن پر تصویریں لگائیں تا کہ بچے اُن چیزوں کو درست قسم سے ملا سکیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 39 کو پڑھیں اور سمجھیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)**

ورک شیٹ 6.1 مکمل کی جائے گی۔

اپنے اُستاد کی مدد سے ردی کاغذ سے کمرۂ جماعت کے لیے ٹوکری بنائیں۔ (پراجیکٹ نمبر 3 صفحہ نمبر 40)

**آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)**

اپنے نوٹ بک میں شناختی فہرست Checklist تیار کریں کہ آپ اپنے گھر، اسکول اور محلہ کو صاف ستھرا بنانے میں کتنے مددگار ہیں۔ (پراجیکٹ نمبر 1 صفحہ نمبر 40)

**امتیاز (Differentiation)**

تقویت: طلبہ کو عندیہ دیں تا کہ وہ اُن طریقوں کے متعلق سوچیں، جن کو وہ اپنے آس پاس کو صاف رکھنے میں استعمال کریں گے۔

تائید: جن طلبہ کو لکھنے میں دشواری ہو رہی ہو اُن کی مدد کریں۔

**تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)**

اپنے محلہ کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کون سے مختلف طریقے ہیں؟

**گھر کا کام**

- ''اپنے محلہ کو صاف ستھرا رکھیں'' کا پلے کارڈ بنائیں۔متعلقہ تصاویر بنائیں یا چسپاں کریں تا کہ وہ پلے کارڈ دلکش نظر آئے۔

## منصوبہ سبق 6.4:

### موضوع: پختگی اور تشخیص

### دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ وہ محلے کی اصطلاح اور اُس کے ساتھ منسلک دوسرے اصطلاحوں کو پہچان سکیں۔

**مقصد**

- پڑوسیوں، گھروں کے اقسام اور اپنے محلہ کو صاف ستھرا رکھنے کے تصورات کو پختہ کریں۔

## ترتیب وقت (Timeline)

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

- صفحہ نمبر 40 پر دیئے گئے ذہنی نقشے کی مدد سے اس یونٹ کو دُہرائیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 41 کو مکمل کیا جائے گا۔

**آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)**

ورک شیٹ 6.3 مکمل کی جائے گی۔

**امتیاز (Differentiation)**

تقویت: جو طلبہ اچھا کام کر رہے ہیں، اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

تائید: ورک شیٹ کو حل کرنے کے لیے آئیڈیا دیں۔

**تشخیص (Assessment) (دس منٹ)**

طلبہ کی تشخیص کرنے کے لیے دیا جانے والے ہینڈ آؤٹ کے لیے سوالوں کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

- اسکول جاتے ہوئے راستے میں آپ کیا دیکھتے ہیں؟
- کیا آپ محلہ میں موجود کسی اسٹور کا نام بتا سکتے ہیں؟
- کیا آپ اپنی گلی کا نام جانتے ہیں؟
- آپ کے گھر کا رنگ کون سا ہے؟
- آپ کے پڑوسیوں کے گھروں کا رنگ کون سا ہے؟
- آپ کے گھر میں کتنی منزلیں ہیں؟
- آپ کے گھر میں کتنے درخت ہیں؟
- کیا آپ کو اُن کی اقسام معلوم ہیں؟
- آپ کے محلے میں کون کون کام کرتا ہے؟ اُن کے کام کے بارے میں بتائیں؟

**گھر کا کام**

اپنے محلے کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کوئی ایک عملی کام کریں۔ اُس کی تصویر لیں اور اس کو کمرۂ جماعت میں دکھائیں۔ آپ کوئی لڑکنے والا پوسٹر بنا سکتے ہیں۔ اور طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنی تصاویر یا ڈرائنگ اُس پر چسپاں کریں۔

# ورک شیٹ 6-1

میرے محلے کے متعلق سب کچھ



اپنے محلے میں کسی شخص کی تصویر بنائیں۔

اپنے محلے کے کسی شخص کے متعلق لکھیں۔

اپنے محلے کے کسی جگہ کی تصویر بنائیں۔

اپنے محلے کی کسی جگہ کے متعلق لکھیں۔

اپنے محلے میں موجود کسی درخت کی تصویر بنائیں۔

اپنے محلے میں موجود کسی درخت کے متعلق لکھیں۔



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 6-2

وہ تصویر چنیں جو دکھلائے کہ لوگ اپنے مُحلہ کو صاف سُتھرا رکھ رہیں ہیں۔















## ورک شیٹ 6-3


تصویری نقشے میں لیبل لگائیں۔





OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# عبادت گاہیں

| | |
|---|---|
| منصوبہ سبق معلومات<br><br>مضمون<br><br>معلومات عامہ<br><br>درجہ: اوّل<br><br>دورانیہ<br>۴ اسباق | سیکھنے کے نتائج:<br>تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• وہ مسجد کو مسلمانوں کی عبادت گاہ کے طور پر شناخت کرسکیں۔<br>• دوسرے عبادت گاہوں (چرچ، مندر، گردوارہ وغیرہ) کے متعلق معلومات حاصل کریں۔<br>• یہ تسلیم کریں کہ انھیں تمام مذہبوں کی عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔<br>سیکھنے کے مقاصد:<br>• مختلف مذاہب اور عبادت گاہوں میں تمیز کرسکیں۔<br>مختلف نصابوں کے روابط<br><br><br>• یہ موضوع سماجی مطالعہ کے ساتھ منسلک ہے۔ یہ مختلف لوگوں اور اُن کے مذاہب کو سمجھاتا ہے۔<br>• یہ اخلاقیات کے ساتھ بھی منسلک ہے۔ ہمیں تمام مذاہب کا احترام کرنا چاہیے۔ |

منسلک/شامل مہارتیں:

یاد کرنا، ذہنی نقشہ بندی، بولنا، بجا لانا، تجزیہ کرنا، ابلاغ، اشتراک۔

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • تہوار | • پاکستان کے ثقافتی اور مذہبی تہوار<br>• تمام لوگوں کا احترام کرنے کی ضرورت<br>• دوسروں کا احترام کرنے کا طریقہ<br>• کسی کو تکلیف دینے سے بچنا۔<br>• تکلیف کو کم کرنے کے طریقے۔<br>• دوسروں کو معاف کرنا۔ |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

عبادت گاہوں کے فلیش کارڈ تصاویر استعمال کر کے بچوں کی دلچسپی کو بڑھائیں۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- فلیش کارڈ
- کمرۂ جماعت میں گفتگو
- گفتگو کے کارڈ
- پوسٹر
- ویڈیوز
- رول پلے

## موادی تعاون Content Support

ہماری زندگی میں مذہب کا بڑا اثر و رسوخ ہوتا ہے۔ اکثر سماجوں میں مذہب کا روایتی کردار یہ رہا ہے کہ وہ لوگوں کے آپس میں مدد کرنے والے ثقافتی اقدار کی نشو ونما کرتا ہے۔ انسانی وجود کے اسباب کی وضاحت اور ذاتی تعلقات اور رویے کی رہنمائی کے لیے عقائد بہت ضروری ہوتے ہیں۔ انسان ذات کی تنوع کا ایک حصہ مختلف مذاہب اور عقائد کا نظام ہے، جو ہم نے بنایا ہے، جیسے اسلام، بدھ مت، عیسائیت ہندو مت، سکھ مت اور کئی اور۔

تمام مذاہب میں ایک چیز جو مشترک ہے وہ یہ ہے کہ یہ تمام اپنے ماننے والوں کو اس مخصوص مذہب کے کچھ پہلوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دنیا میں مقصد اور آرام حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

مذہب اور ثقافت کے آپس میں قریبی روابط ہیں۔ دونوں ہماری روزمرہ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہماری ثقافتی قدریں، جن میں اکثر ہماری مذہبی اعتقاد شامل ہوتے ہیں، ہمارے رہنے کے طریقوں اور دنیا میں عمل کے طریقوں کی تشکیل کرتی ہیں۔ جب ہم ثقافت پر نظر ڈالتے ہیں تو ہم لوگوں کے مخصوص گروہوں کے خصوصیات اور معلومات پر نظر ڈالتے ہیں، جو زبان، مذہب، غذا، اور سماجی عادت کی ہر چیز سے معین ہوتے ہیں۔

**متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک**

https://youtu.be/yRNXfe9-aWo

https://youtu.be/Ft84v3cbTvo

**منصوبہ سبق 7.1:**

## یونٹ نمبر ۷: عبادت گاہیں

## موضوع: مختلف مذاہب کا تعارف

**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- وہ جان سکیں کہ دنیا میں موجود لوگ مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

**مقصد**

- مختلف مذاہب کے متعلق آگاہی۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

طلبہ کو کہیں کہ مل کر تمام مذاہب کے متعلق غور و خوض کریں۔ ان کے نام بورڈ پر لکھیں اور یہ ملاحظہ کریں کہ کتنے مذاہب آپ کو یاد آئے ہیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

- صفحہ نمبر 43

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ نمبر 7.1 مکمل کی جائے گی۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

اپنے مذہب کے متعلق کچھ سطریں لکھیں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ اچھا کام کر رہیں ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تائید: جن بچوں/بچیوں کو لکھنے میں دشواری ہو رہی ہو، اُن کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

طلبہ کو کہیں وہ تین مختلف مذاہب کے نام بتائیں اور پاکستان کے پڑوسی ممالک کے عام مذاہب کے متعلق بتائیں۔

گھر کا کام

اخبارات اور انٹرنیٹ سے ایسی تصاویر اکٹھی کریں جو مختلف مذاہب کے لوگوں کو دکھاتی ہیں۔

منصوبہ سبق 7.2:

موضوع: مختلف عبادت گاہیں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- وہ مسجد کو مسلمانوں کی عبادت گاہ کے طور پر پہچان سکیں۔
- دوسری عبادت گاہوں (چرچ، مندر، گردوارہ وغیرہ) کے متعلق پوچھ گاچھ کر سکیں۔

مقصد

- طلبہ کو اس لائق بنانا کہ وہ مختلف مذاہب کی عبادت گاہوں میں تمیز کر سکیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ اُن عبادت گاہوں کے نام بتائیں، جن کو وہ پہلے سے جانتے ہیں۔ اُنہیں بورڈ پر لکھیں اور اُن جگہوں کو متعلقہ مذاہب کے ساتھ

ملائیں، جو پہلے ہی طلبہ نے بتائے ہیں اور بورڈ پر لکھے ہوئے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اسلام | گرجاگھر/چرچ |
| عیسائیت | مسجد |
| سکھ مذہب | مندر |
| ہندومت | گردوارہ |

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 43 اور 44 کو پڑھیں اور اُن کی وضاحت کریں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 45 پر دی گئی مشق

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (بیس منٹ)

- گفتگو والے کارڈوں کی مدد سے کھلا مباحثہ کریں۔ آپ بچوں/بچیوں کو کہیں کہ کوئی بھی گفتگو کارڈ اُٹھائیں اور پھر گفتگو کریں تاکہ طلبہ زیادہ متوجہ ہو کر اس گفتگو سے لُطف اندوز ہوسکیں۔

| | |
|---|---|
| دنیا کے کتنے مذاہب کا آپ کو پتا ہے؟ | آپ کے گھر میں جو مذہبی چیزیں ہیں اُن کے نام لکھیں۔ |
| آپ کے ذہن میں جو عبادت گاہیں ہیں اُن کے نام لکھیں۔ | آپ کبھی مسجد یا کسی اور مذہبی عبادت گاہ میں گئے ہیں؟ اپنا تجربہ شیئر کریں۔ |

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: ہر گفتگو کے آخر میں آپ اپنے طرف سے اضافہ کر کے اُن کی معلومات میں اضافہ کریں۔

تائید: جو طلبہ حصہ لینے میں شرمارہے ہیں اُن کی ہمت بڑھائیں۔

**تشخیص** (Assessment)

آزادانہ مشق کی مدد سے بچوں/بچیوں کی تشخیص کریں۔

**گھر کا کام**

کسی بڑے کا انٹرویو کریں اُس سے مختلف عبادت گاہوں کے متعلق معلومات حاصل کریں۔ پراجیکٹ صفحہ نمبر 45

منصوبہ سبق 7.3:

## موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- وہ عبادت گاہوں کی شناخت کرسکیں۔

**مقصد**

- مختلف مذاہب اور اُن کی عبادت گاہوں کے مابین تمیز کرسکیں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

- مختلف عبادت گاہوں کی تصاویر استعمال کریں۔
- طلبہ کو تصاویر دکھائیں اور اس جگہ کا نام پوچھیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 44 پر دیے گئے ذہنی نقشہ کی مدد سے یونٹ کا اعادہ کریں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)**

یونٹ کا اعادہ کرنے کے لیے ورک شیٹ 7.3 بھی مکمل کی جائے گی.

**تشخیص(Assessment) (بیس منٹ)**

| عبادت گاہیں |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |

| مذہب |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |

**گھر کا کام**

اپنے ملک کی مشہور مساجد کے نام لکھیں۔

## ورک شیٹ 7-1

مختلف عبادت گاہوں کے نام ڈھونڈھیں۔


مندر، مسجد، گردوارہ، آتش گاہ، گرجاگھر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| م | ن | د | ر | ب | گ | آ |
| س | ط | ع | ف | س | ر | ت |
| م | س | ج | د | ط | د | ش |
| ق | ل | گھ | ن | پ | و | گ |
| آ | ی | و | ے | ڑ | ا | ا |
| گ | ر | ج | ا | گھ | ر | ہ |
| چ | ق | ل | ط | ہ | ہ | ج |

# ورک شیٹ 7-2

## پاکستان میں مذاہب کی شرح

صحیح خانوں میں مذاہب کے نام لکھیں۔



• اسلام • ہندومت • عیسائیت • دوسرے


OXFORD UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 7-3

ہر عمارت پر لیبل لگائیں اور لوگوں کا نام یاد رکھیں جو وہاں پر عبادت کرتے ہیں۔









# ہمارا ملک: پاکستان

منصوبہ سبق
معلومات

مضمون

معلوماتِ عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- اپنے ملک کا مکمل نام اور اس کے وجود میں آنے کی تاریخ بتائیں۔
- یہ تسلیم کریں کہ تمام ممالک کے پرچم ہوتے ہیں۔
- پاکستان کا پرچم بنا سکیں۔
- پرچم میں جو رنگ اور نشانات ہیں اُن کی شناخت کرسکیں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- پورا نام اور قائم ہونے کی تاریخ سیکھنا۔
- یہ سیکھنا کہ تمام ملکوں کے پاس پرچم ہوتے ہیں۔
- یہ سیکھنا کہ پرچم میں موجود رنگ کس چیز کی علامت ہیں۔
- یہ جاننا کہ ہمارے پرچم میں موجود نشانات کا مقصد ہے۔

مختلف نصابوں کے روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے منسلک ہے، کیوں کہ وہ ہمارے علاقے کی ثقافت کی شناخت کرتا ہے۔
- اس کا تعلق تاریخ کے ساتھ بھی ہے، کیوں کہ یہ موضوع وضاحت کرتا ہے کہ کب اور کیسے پاکستان وجود میں آیا۔
- اس موضوع کا تعلق جغرافیہ کے ساتھ بھی ہے اور یہ ہمارے ملک کی علاقائی اہمیت کی وضاحت کرتا ہے۔

منسلک/شامل مہارتیں:

ذہنی نقشہ بندی، بول چال، ادراک کرنا، اندراج کرنا، اور ابلاغ

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • علاقائی اور مذہبی تہوار | • پاکستان کے نقشے کو پہچاننا<br>• پاکستان کے صوبے<br>• قومی پرچم کی اہمیت<br>• پاکستان کے مذہبی اور ثقافتی تہوار |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ کو کہیں کہ وہ باری باری آ کر کوئی ایک حقیقت بتائیں جو وہ پاکستان کے متعلق جانتے ہوں۔ اسے بورڈ پر لکھیں۔ اس طرح وہ اپنی معلومات میں دوسرے طلبہ کو شریک کریں گے۔

## تدریسی حکمت عملیاںTeaching Strategies

- پوسٹر بنانا
- کمرۂ جماعت میں مباحثے
- ویڈیوز
- سرگرمیاں
- فلیش کارڈس
- پرچم بنانا

## موادی تعاون Content Support

پاکستان دنیا کے نقشہ پر 14 اگست 1947ء کو ایک خودمختار ریاست کے طور پر ابھرا۔ پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد ہے۔ اُس کا سرکاری نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان کو مسلمان برادری کے لیے اللہ تعالیٰ کا تحفہ سمجھا جاتا ہے۔ اُس میں تقریباً 97.5 فیصد لوگ مذہب اسلام سے تعلق رکھتے ہیں اور اُسکا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ پاکستان کو دنیا میں چھٹا بڑی آبادی والا ملک سمجھا جاتا ہے، جس کی آبادی تقریباً 191.5 ملین ہے۔ رقبہ/اراضی کے لحاظ سے پاکستان 36 ویں نمبر پر آتا ہے اور اُس کا رقبہ 796095 مربع کلومیٹر ہے۔

قومی پرچم:

قومی پرچم ایک ایسا نشان ہوتا ہے جو کسی مُلک کی نمائندگی کرتا ہے۔ ہر ملک کے جھنڈے کی خاص ڈیزائن، رنگ، اور مفہوم ہوتے ہیں، جو اس کا تشخص ظاہر کرتے ہیں۔ اسی طرح پاکستان کے قومی پرچم کی اپنی فضیلت ہے۔ اس جھنڈے کو ''پرچم ستارہ و ہلال'' یا ''سبز ہلالی پرچم'' کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ جھنڈا ہماری پہچان اور تشکر ہے اس لیے ہم اُس کپڑے کے ٹکڑے کا احترام کرتے ہیں اور اُس کو ہوا میں لہراتے ہیں۔

پاکستان کا قومی پرچم دفاتر، اعلیٰ شخصیتوں اور حکومت کے اعلیٰ افسران کے سرکاری گھروں پر، جب وہ گھر میں ہوتے ہیں، تب لہرایا جاتا ہے۔ اُس کو پاکستان سے وابستہ خاص مواقع بشمول 14 اگست یوم آزادی والے دن، یوم دفاع اور دوسرے خاص دنوں میں لہرایا جاتا ہے۔ کچھ مخصوص لوگوں کو اعزاز یہ حاصل ہیں کہ قومی پرچم اپنے گاڑیوں یا جہازوں پر لہرائیں، جب وہ اُن کے اندر بیٹھے ہوتے ہیں۔ ان اعلیٰ شخصیتوں میں صدر پاکستان، وزیر اعظم پاکستان، سینیٹ کا چیئرمین شامل ہیں۔

پاکستان کے پرچم کے تخلیق کار امیر الدین قدوائی تھے۔جس نے یہ جھنڈا پاکستان کی آزادی سے 4 دن پہلے 11 اگست 1947ء کو بنایا تھا۔

سبز رنگ اسلامی قانون اور ضابطوں والی اسلامی قوم کو ظاہر کرتا ہے۔سفید رنگ پاکستان کی اقلیتوں اور دوسرے مذاہب کو ظاہر کرتا ہے۔ چاند یا ہلال اور ستارہ بلترتیب ترقی اور روشنی کی نمائندگی کرتے ہیں۔

### متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/yfkAHOANCEE
https://youtu.be/BmQlznFk7Hc

## منصوبہ سبق 8.1:

**یونٹ نمبر ۸: ہمارا ملک: پاکستان**
**موضوع: پاکستان**
**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

### سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- اپنے ملک کا مکمل نام اور اس کے قیام کی تاریخ بتائیں۔
- پاکستان کے نقشے کی شناخت کریں۔

### مقصد

- پاکستان کے قیام کی تاریخ اور مکمل نام سیکھیں۔

- پاکستان کے نقشے کی وضاحت کریں۔

**ترتیبِ وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ کوئی ایک ایسی بات بتائیں جو وہ پاکستان کے متعلق جانتے ہیں۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 47 کو پڑھیں اور اُس کی وضاحت کریں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

- ورک شیٹ 8.1 کو مکمل کیا جائے گا۔

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (بیس منٹ)

- پانچ طلبہ پر مشتمل گروہ بنائیں۔
- پاکستان کے صوبوں کو ظاہر کرنے والا پوسٹر بنائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: طلبہ کو کہیں کہ مختلف رنگوں کے حساب سے صوبوں کی تفریق کریں۔

تائید: اچھے طلبہ کو یہ کہیں کہ اپنے گروہ میں پیچھے رہ جانے والے طلبہ کی مدد کریں۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

- پاکستان کا قیام کب وجود میں آیا؟
- ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

**گھر کا کام**

صفحہ نمبر 52 پر سوال نمبر 3

**منصوبہ سبق** 8.2:

**موضوع: پرچم کی اہمیت**

**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ۔

- تمام طلبہ یہ جان سکیں کہ تمام ممالک کا اپنا پرچم ہوتا ہے۔ کسی بھی ملک کے لیے پرچم کی اہمیت کی شناخت کریں۔

مقصد

- کسی بھی ملک کے لیے پرچم کی اہمیت پر گفتگو کرسکیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

اپنے طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ ملک کا نام بتائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 48 پڑھیں اور اُس کو سمجھائیں۔

ورک شیٹ 8.2 مکمل کی جائے گی۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

مختلف ممالک کے پرچموں کے فلیش کارڈ کو استعمال کیا جائے تاکہ طلبہ کچھ اہم ممالک کے پرچموں کو یاد کرسکیں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (بیس منٹ)

- اپنے پسندیدہ ملک کا پرچم بنائیں اور رنگ بھریں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو طلبہ اچھا کام کر رہے ہیں ان کی تعریف کریں۔

تائید: ان طلبہ کی مدد کریں جن کو پرچم کو پہچاننے میں دشواری ہو رہی ہے۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

پرچم کس بات کی نمائندگی کرتا ہے؟

گھر کا کام

کوئی سے بھی پانچ ملکوں کے پرچم جمع کریں اور ان کو چارٹ پیپر پر چسپاں کریں۔

منصوبہ سبق 8.3:

موضوع: پاکستان کا پرچم

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ۔

- پاکستان کا پرچم/جھنڈا بنائیں۔
- پرچم/جھنڈے پر جو رنگ اور نشانات جن چیزوں کی نمائندگی کرتے ہیں، اُن کی شناخت کر سکیں۔

**مقصد**

- پاکستان کے جھنڈے کا رنگ جس چیز کی علامت ہے، اس کو سیکھیں۔
- یہ جانیں کہ پاکستان کے پرچم والے نشان کا کیا مفہوم ہے۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

- پاکستان کے پرچم کا کیا رنگ ہے؟
- پرچم پر کیا بنا ہے؟
- آپ اپنے گھر پر جھنڈا کب لہراتے ہیں؟

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 48 کو پڑھیں اور سمجھائیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

صفحہ نمبر 49 کو مکمل کیا جائے۔

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (بیس منٹ)

مطلوبہ سامان

- رنگین پیپر
- گوند
- تنکا یا ٹہنی
- قینچیاں

پاکستان کا جھنڈا بنائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: چاند اور ستارے کو بنانے کے لیے چمکیلا پین استعمال کریں۔

تائید: کاٹنے اور چسپاں کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

- ہمارے پرچم میں سفید رنگ کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟

- ہمارے پرچم میں ہلال اور ستارے کی کیا معنی ہے؟

گھر کا کام

کاغذ پر پاکستان کا جھنڈا بنائیں اور اُس پر چمکیلے کاغذ سے چاند ستارہ بنائیں۔

## منصوبہ سبق 8.4:

### موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

تمام طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- پاکستان کا پورا نام بتائیں۔
- کسی بھی ملک کے لیے پرچم کی اہمیت تسلیم کریں
- ہمارے ملک کے مختلف خد و خال کی شناخت کرسکیں۔

**مقصد**

- یونٹ کے موضوعات کو دُہرا کر پختہ کریں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

صفحہ نمبر 50 پر ذہنی نقشہ

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)**

صفحہ نمبر 51 پر باب کی نظر ثانی

**تشخیص (Assessment)**

ورک شیٹ 8.3 کو مکمل کیا جائے گا۔

گھر کا کام

ہمارے ملک کے کوئی بھی دس حقائق رنگین چارٹ پیپر پر لکھیں۔

## ورک شیٹ 8.1

نقشے میں رنگ بھریں





# ورک شیٹ 8-2

درست ملک کا نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| پاکستان | امریکا | انڈیا |
| چائنا | انگلینڈ | سعودی عرب |











# ورک شیٹ 3-8

ہمارا ملک: پاکستان

میں ______________ شہر میں رہتا ہوں۔

میں ______________ صوبہ میں رہتا ہوں۔

میں ______________ ملک میں رہتا ہوں۔

یہ ہمارے ملک کا پرچم ہے۔

ہمارے ملک کے لوگ پہنتے ہیں

ہم کھاتے ہیں

______________________________

______________________________

# یونٹ ۹

# اسکول

منصوبہ سبق معلومات

مضمون

معلومات عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- اپنے اسکول کا نام اور جائے وقوع بتائیں۔
- اسکول میں جن لوگوں سے وہ ملتے ہیں اُن کی شناخت کریں۔
- اسکول میں جن سرگرمیوں میں وہ مشغول ہوتے ہیں اُن کو بیان کریں۔
- اسکول اور کمرۂ جماعت میں جو قوانین استعمال کرتے ہیں، اُن کو سمجھیں اور ان کو دوسروں کو سمجھائیں۔
- اس بات کو سمجھیں کہ قواعد کی پیروی کیوں اہم ہوتی ہے۔
- تنوع کی قدر کریں، کیوں کہ اس کی بدولت وہ مختلف پس منظر رکھنے والے طلبہ میں سے دوست بنا سکتے ہیں۔
- اسکولوں میں ہر ایک کا احترام کرنے کی اہمیت کو جانیں۔
- اپنے اسکول کو صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت کو تسلیم کریں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- اپنے اسکول کا نام اور جائے وقوع سیکھیں، اسکول میں لوگوں کو پہچانیں۔
- کمرۂ جماعت کے قواعد اور اُس کی اہمیت کی وضاحت کرسکیں۔
- اسکول کے اندر قواعد کی پیروی کی اہمیت کو بیان کرسکیں، اسکول کمیونٹی کے لوگوں کی شناخت کرسکیں۔
- ہر ایک کا احترام کرنا سیکھیں، یہ سیکھیں کہ اسکول کو کیسے صاف ستھرا رکھیں۔

مختلف نصابوں کے روابط




- سماجی مطالعہ: کیوں کہ اسکول ایک برادری کا مثال ہے۔
- اخلاقیات: دوسرے طلبہ اور دوسری برادریوں کے ساتھ باہمی عمل میں اخلاقی اقدار سیکھنا اور عمل پیرا ہونا۔
- انگریزی: پڑھنے کی مہارت کی ترقی۔
- اُردو: سمجھنے کی مہارت

منسلک/شامل مہارتیں:

یاد کرنا، دُہرانا، فہرست بنانا، سمجھنا، ترضیع کرنا،

درجات کے مابین ترقی:

| GRADE II | ECCE |
|---|---|
| • پیشے اور دھندے<br>• شہریوں کی ذمے داریاں اور حقوق<br>• تمام لوگوں کا احترام کرنے کی ضرورت اور طریقے | • میں خود<br>• میں اور میرا اسکول<br>• میری قبولیت |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ اسکول میں جن لوگوں کو جانتے ہیں، ان کے متعلق سوچنے کے لیے موقعہ دیں۔

- آپ کے اسکول کے معلم کا کیا نام ہے؟
- اسکول کے گیٹ پر جو شخص کھڑا ہوتا ہے، اسے آپ کیا کہتے ہیں؟
- اسکول میں آپ کے سب سے پسندیدہ استاد کا کیا نام ہے؟
- آپ کے کمرۂ جماعت کا کیا نام ہے؟

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- سرگرمیاں
- پوسٹر بنانا
- ویڈیوز
- ادراک
- بغیر دیواروں کے کمرۂ جماعت

## موادی تعاون Content Support

اسکول وہ جگہ ہے جہاں طلبہ روایتی تعلیم حاصل کرتے ہیں، اساتذہ/استانیاں بڑے پیار اور لگن سے طلبہ کو پڑھاتے ہیں۔ اسکول میں طلبہ دوسرے طلبہ سے میل جول کرتے ہیں۔ وہ باہم مل کر تعلیم حاصل کرتے ہیں، اپنی چیزوں میں ایک دوسرے کو شریک کرتے ہیں، آپس میں مل کر کھیلتے ہیں اور مل کر گھر واپس جاتے ہیں۔

## عملے کا کردار

اسکول میں، معلم کی مدد کرنے کے لیے دوسرے لوگ بھی کام کرتے ہیں، باغبان پودوں کو پانی دیتے ہیں اور ان کی نگہداشت کرتے ہیں۔ خاکروب اسکول کی صفائی کرتا ہے۔ کچھ لوگ آفیس کا کام کرتے ہیں۔

پرنسپل پورے نظام کی دیکھ بھال کرتا ہے، کمرۂ جماعت کا معائنہ کرتا ہے، اوراسکول کی بہتری کے لیے قواعد بناتا ہے۔

## قواعد

اسکول کے قواعد کی پیروی کر کے طلبہ بہت سی مشکلات سے بچ سکتے ہیں۔مندرجہ ذیل کچھ قواعد ہیں:

- یونیفارم کا صاف ہونا
- کمرۂ جماعت اور اسکول کی صفائی ستھرائی
- وقت پر اسکول میں آمد
- صبح والی اسمبلی میں قطار بنانا
- بغیر اجازت کے کوئی چیز نہ اٹھانا
- بولنے سے پہلے ہاتھ اٹھا کر اجازت لینا
- کمرۂ جماعت میں کوئی چیز نہ کھانا نہ پینا
- سیکھنے کے لیے تیار رہنا
- دھیان سے سننا

## اسکول میں تنوع

اسکول میں ہم دوسری برادریوں کے طلبہ سے بھی میل جول کرتے ہیں۔ ہم ان کا احترام کرتے ہیں اور ان کی مدد کرتے ہیں۔ اس باہمی میل جول سے ہم دوسری زبانوں اور ثقافتوں کو جاننے پہچاننے لگتے ہیں۔

## متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/RyLzsQKFpB0
https://youtu.be/m93Q6_sbwes

منصوبہ سبق 9.1:

یونٹ نمبر ۸: اسکول

موضوع: اسکول میں مختلف لوگ

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- اسکول کے مختلف افراد، جیسے اساتذہ، پرنسپل، چپڑاسی وغیرہ کی شناخت کرسکیں۔
- اسکول کے افراد کے فرائض جان سکیں۔

**مقصد**

- اسکول کے مختلف افراد اور ان کے فرائض جان سکیں اور سیکھیں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

نام بتائیں!

- طلبہ کو بڑے گول دائرے میں کھڑا کریں۔
- ہر طالبہ اپنا نام صاف صاف ضرور بولے۔
- ایک طلبہ دوسرے کی طرف اشارہ کرے اور اس کا نام پکارے پھر دونوں اپنی جگہ تبدیل کریں۔ دوسرا طالب علم / طالبہ کسی اور طالب علم / طالبہ کا نام پکارے اور پھر دونوں جگہ تبدیل کریں۔ طلبہ اس کھیل سے لطف اندوز ہوں گے اور آنے والے لیکچر کے لیے پر جوش بنیں گے۔ اس کھیل کو اپنے آج کے لیکچر سے اس طرح جوڑیں کہ طلبہ کو سمجھائیں کہ جیسے آپ کے کمرۂ جماعت میں طلبہ کے مختلف نام ہیں، اسی طرح اسکول کے دوسرے افراد کے مختلف نام اور عہدے ہوتے ہیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ 54

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)**

رول پلے

- دو طلبہ کا گروہ بنوائیں۔
- ہر گروہ کوئی کردار چنیں۔
- اس کردار کا کارمنصبی اور ذمے داریاں بجا لائیں۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

- اسکول کے اندر چہل قدمی Walk کو منظم کریں اور طلبہ کو کہیں کہ وہ مختلف لوگوں کے کارمنصبی اور ذمے داریوں کا مشاہدہ کریں۔
- افراد کے نام اور ان کے فرائض کی فہرست ایک چارٹ پر بنائیں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: وہ اپنی سرگرمی کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لیے تصاویر بنا سکتے ہیں۔

تائید: لوگوں کے فرائض کی شناخت کے لیے طلبہ کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- اسکول کے باغ کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟
- گیٹ پر کون کھڑا ہوتا ہے؟
- وہ کون ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اسکول اچھی طرح سے کام کرتا رہے؟

گھر کا کام

اسکول میں آپ کے پسندیدہ کارمنصبی یا کام کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

منصوبہ سبق 9.2:

موضوع: اسکول میں سرگرمیاں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- وہ جو مختلف نمونوں والی سرگرمیاں اسکول میں سرانجام دیتے ہیں، ان کی شناخت کرسکیں۔
- اسکول کی مختلف جگہوں کو شناخت کرسکیں۔

مقصد

- اسکول میں جو وہ مختلف اقسام کی سرگرمیاں سرانجام دیتے ہیں ان کو پہچان سکیں اور نام دے سکیں۔
- جہاں پر وہ یہ سرگرمیاں کرتے ہیں ان جگہوں کے نام بتا سکیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنی پسندیدہ سرگرمی کے متعلق بتائیں جو وہ اسکول میں سرانجام دیتے ہیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 55 کو پڑھیں اور سمجھائیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 9.1 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

آرٹ سرگرمی

- کوئی بھی پانچ سرگرمیاں جو آپ اسکول میں سرانجام دیتے ہیں، ان کی شکلیں بنائیں اور رنگ بھریں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: یہ سرگرمی گروہوں میں کر سکتے ہیں۔ جو گروہ اچھا پوسٹر بنائے، اس کی حوصلہ افزائی کریں۔

تائید: وہ جگہیں جہاں پر وہ مختلف کام کرتے ہیں، ان کی شناخت کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

کوئی سی بھی 5 سرگرمیوں کے نام بتائیں جو آپ اسکول میں سرانجام دیتے ہیں۔ آپ اپنا آرٹ ورک کہاں پر کرتے ہیں؟

بریک کے وقت آپ کہاں کھیلنے جاتے ہیں؟

- وہ کون جگہ ہے جہاں آپ کتابیں پڑھتے ہیں؟

گھر کا کام

صفحہ نمبر 56

منصوبہ سبق 9.3:

موضوع: اسکول کے قواعد

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- اسکول اور کمرۂ جماعت میں وہ جن مختلف قواعد کی پیروی کرتے ہیں، ان کی شناخت کریں۔

مقصد

- اسکول کے قواعد کو سیکھیں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

طلبہ کو چارٹ دکھلائیں جس پر مختلف اسکول کے قواعد کی فہرست بنی ہو اور ان سے کہیں کہ وہ باری باری آ کر یہ بتائیں کہ وہ کون سے قواعد کی پیروی کرتے ہیں۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 57

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 9.2 کو مکمل کیا جائے گا

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (پندرہ منٹ)

- چار چار طلبہ کے گروہ بنائیں۔
- انھیں کہیں کہ وہ رنگین چارٹ بنائیں اور جو اسکول کے قواعد انھوں نے آج سیکھے ہیں ان کی فہرست بنائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: ان طلبہ کی تعریف کریں جو کوئی نیا قانون فہرست میں لکھیں جو آپ نے ان کو نہیں بتایا تھا۔

تائید: ان طلبہ کی رہنمائی کریں جو قواعد کو پہچاننے میں دشواری محسوس کر رہے ہیں۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

مندرجہ بالا بتائی گئی آزادانہ مشق کے تحت بچوں/ بچیوں کی تشخیص کریں

**گھر کا کام**

رنگین چارٹ بنائیں اور اپنے کمرۂ جماعت کے قواعد کی فہرست بنائیں۔ آپ قواعد بنانے میں اپنے والدین کی مدد لے سکتے ہیں۔

## منصوبہ سبق 9.4:

### موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس یونٹ کے موضوعات کو دُہرا کر پختہ کریں گے۔

- اسکول کے مختلف لوگ اور ان کے فرائض

- اسکول میں طلبہ کی طرف سے بجالانے والی سرگرمیاں
- اسکول کے قواعد

**مقصد**

- مختلف مشقوں کے ذریعہ یونٹ کے موضوعات کو پختہ کریں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

صفحہ نمبر 58 پر ذہنی نقشہ

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (بیس منٹ)**

صفحہ نمبر 59 اور 60

**تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)**

ورک شیٹ 9.3

**گھر کا کام**

صفحہ نمبر 57 کا طائرانہ جائزہ

# ورک شیٹ 9-1


ان لوگوں کے نام لکھیں، جن سے آپ اپنے اسکول میں ملتے ہیں














OXFORD
UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 2-9

اسکول کے مندرجہ ذیل کمروں میں ہم کون سی سرگرمی بجالاتے ہیں:







# ورک شیٹ 3-9

مندرجہ ذیل میں سے کون سے اسکول کے قوانین ہیں۔

- احترام کریں
- ہمیشہ اپنی چیزوں میں دوسروں کو شریک کریں۔
- اپنا ہاتھ اٹھائیں
- خاموشی سے کام کریں
- اپنے استاد کو کبھی نہ سنیں
- دوڑنا نہیں
- اپنے استاد کو سنیں
- لڑائی جھگڑا نہ کریں
- گوڑ شور کرتے رہیں
- اپنے دوستوں کا مذاق اڑاتیں رہیں
- اپنے ہاتھ اپنے تک محدود رکھیں

| نہیں | ہاں |
|---|---|
| | |

# نقل و حمل/آمد و رفت کے ذرائع

منصوبہ سبق

معلومات

مضمون

معلومات عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- لوگ جو مختلف نقل و حمل/ آمد و رفت کے ذرائع استعمال کرتے ہیں ان کی شناخت کرسکیں۔
- تیز اور سست سواری میں تفریق کرسکیں۔
- ان جگہوں کی شناخت کرسکیں جہاں پر بسیں اور ٹرینیں آکر رکتی ہیں، جہاز اترتے ہیں اور پانی کے جہاز آکر لنگر انداز ہوتے ہیں۔
- بس اسٹاپ، ریلوے اسٹیشن، ایئر پورٹ اور بندر گاہ پر ہونے والی سرگرمیاں بیان کریں

سیکھنے کے مقاصد:

- آمد و رفت/نقل و حمل کے ذرائع کے متعلق سیکھیں۔
- آمد رفت/نقل و حمل کے ذرائع کی شناخت کرسکیں۔

مختلف نصابوں کے روابط




- اس موضوع کا تعلق سماجی مطالعہ سے ہے۔ ذرائع نقل و حمل/ آمد و رفت سماج کا اہم ترین پہلو ہوتے ہیں۔

منسلک/شامل مہارتیں:

سننا، بولنا، لکھنا، پڑھنا، دُہرانا، سوچنا، فہرست بنانا۔

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • سواری کے ذرائع<br>• سفر کے لیے حفاظتی اقدام | • پروفیشن / پیشے<br>• دیہی اور شہری زندگی<br>• حکومت کے حقوق اور ذمے داریاں<br>• شہریوں کے حقوق اور فرائض |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

- طلبہ کو کہیں کہ اگر انھوں نے کسی گاڑی میں سفر کیا ہے تو ہاتھ اٹھا کر بتائیں۔
- بورڈ پر مختلف گاڑیوں کے نام لکھیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ وہ ان کے متعلق کیا جانتے ہیں۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- سمعی اور بصری معاونت.
- پوسٹر
- ویڈیوز
- طلبہ کو شامل کر کے مباحثے کرنا

## موادی تعاون Content Support

لوگوں اور چیزوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و حرکت کو ٹرانسپورٹ (نقل وحمل) کہتے ہیں۔نقل وحمل/ آمد و رفت کی نظام میں کسی بھی سماج کی سماجی، اقتصادی ضروریات کو حاصل کرنے میں اہم ترین رول ادا کرتے ہیں۔

دنیا کے اکثر اقوام ممالک میں، ہوائی، بحری اور زمینی آمد و رفت/ نقل وحمل کے ذرائع بہت عام ہیں۔ ہوائی جہاز، ہوائی سواری کے لیے کام کرتا ہے۔ زمینی سواریوں کو ریل اور روڈ کے ذریعہ آسان بنایا جاتا ہے۔ آبی سواریوں کو سمندروں، دریاؤں، کینالوں کے اوپر استعمال میں لایا جاتا ہے۔

ٹرانسپورٹ عام طور پر دنیا اور کسی بھی برادری کے اقتصادی، آبادیاتی اور سیاسی عناصر کو بڑھانے اور بحال رکھنے میں اہم کردار بجالاتا ہے۔ ذرائع نقل وحمل لوگوں اور چیزوں کی نقل و حرکت کو بڑھاتے ہوئے شہروں اور قصبات کو پھیلانے میں مدد کرتے ہیں۔ٹرانسپورٹ افراد

کو پھیلنے میں بھی مدد کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں ترقی ہوتی ہے۔

**متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک**

https://youtu.be/d0ySC2tzlZI
https://youtu.be/4X0pp9MF68s

**منصوبہ سبق 10.1:**

**یونٹ نمبر ۸: سفر کے لیے ذرائع نقل وحمل**
**موضوع: ذرائع نقل وحمل/آمدورفت**
**دورانیہ: ۴۵ منٹ**

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ۔
- وہ مختلف ذرائع نقل وحمل کی شناخت کرسکیں۔
- سست اور تیز سواری میں تفریق کرسکیں۔

**مقصد**
- مختلف ذرائع نقل وحمل میں تمیز کرسکیں۔
- تیز اورسست سواری میں فرق سیکھ سکیں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) **(پانچ منٹ)**

**میرا پسندیدہ کھلونا!**
- طلبہ کو کہیں کہ وہ گاڑی نما کھلونا لے کر آئیں۔
- طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنے گاڑی والے کھلونے ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کریں اور بتائیں کہ کون سا ان کا پسندیدہ ہے۔
- طلبہ اس سرگرمی کی مدد سے گاڑیوں کے متعلق مزید سیکھنے کے لائق ہوں گے۔

**موجودہ معلومات** (Present Information) **(دس منٹ)**

صفحہ نمبر 62

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 10.1 کو مکمل کیا جائے گا

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

STEAM سرگرمی

وسائل:

- چارٹ پیپر
- کلر پینسلیں
- پنسل
- ربڑ

طریقے کار

دو یا تین طلبہ کا گروہ بنائیں۔ انھیں کہیں کہ وہ اپنی پسندیدہ گاڑی کی شکل بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ جو گروہ اچھا کام کریں اس کی تعریف کریں۔

امتیاز(Differentiation)

تقویت: آپ انھیں مختلف گاڑیوں کی تصاویر دکھا سکتے ہیں، اور ان کو کہیں کہ کوئی بھی ایک چن کر اس کی تصویر بنائیں۔

تائید: جو طلبہ تصویر نہیں بنا پا رہے ہوں، ان کے لیے بنیادی ڈھانچہ بنائیں۔

تشخیص(Assessment) (پانچ منٹ)

ہر آمد و رفت/ نقل وحمل کے ذریعہ کی تین مثالیں بتائیں۔

گھر کا کام

اپنے پسندیدہ گاڑی کے متعلق کچھ سطریں لکھیں۔

منصوبہ سبق 10.2:

موضوع: رکنے کی جگہ

دورانیہ: ۴۵ منٹ

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- کسی خاص سواری کی رکنے والی جگہ کو پہچان سکیں۔

مقصد

- سواریوں کے رکنے کے مختلف جگہوں کے متعلق سیکھیں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (پانچ منٹ)

- کسی ایک طالب علم / طالبہ کو بلائیں اور ان سے باہر کے سفر کے تجربات پوچھیں۔
- اس کے بعد یہ سوال کریں:
- آپ کے والد کو جب سواری کے لیے تیل لینا ہوتا ہے، تو وہ کہاں رکتے ہیں؟
- آپ نے کیا یہ مشاہدہ کیا کہ کس طرح کی گاڑیاں وہاں پر تیل لینے اور تھوڑی دیر رکنے کے لیے آرہی تھی؟

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 62

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 10.2

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (پندرہ منٹ)

گروہ بنائیں اور طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنے کسی سفر کے تجربات کا ایک دوسرے سے تبادلہ کریں۔
اس کے بعد آپ نے وہاں پر جو دیکھا اس کی تصویر بنائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: ان کی مختلف جگہوں کی معلومات کے متعلق اپنی رائے دے کر اضافہ کریں۔
تائید: یہ یقینی بنائیں کہ ہر طالب علم / طالبہ اپنی ہی کہانی بتا رہا ہے۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

سواریوں کے رکنے کے لیے مقرر جگہوں کے کوئی بھی 5 نام لکھیں۔

**گھر کا کام**

صفحہ نمبر 63 کا پر طائرانہ جائزہ

منصوبہ سبق 10.3:

## موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

طلبہ موضوعات کو دہرا کر پختہ کریں گے۔

**مقصد**

مختلف مشقوں کے ذریعے یونٹ کے موضوعات کو پختہ کریں۔ ۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 64 پر ذہنی نقشہ

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (بیس منٹ)**

صفحہ نمبر 65 پر باب کا جائزہ

**تشخیص (Assessment) (پندرہ منٹ)**

ورک شیٹ 10.3



**گھر کا کام**

سست اور تیز آمد و رفت/نقل وحمل کے ذرائع پر چارٹ بنائیں۔

متعلقہ تصاویر بنائیں یا چسپاں کریں۔


# ورک شیٹ 10-1


درست خانوں میں آمد و رفت/نقل وحمل کی تصاویر بنائیں
(کوئی بھی تین)


| زمینی | بحری | ہوائی |
| --- | --- | --- |
|  |  |  |


# ورک شیٹ 10-2

مندرجہ ذیل سواریوں کے رکنے کی جگہ کا نام لکھیں:









سواریوں کو تیز یا سست کا لیبل لگائیں









ریلوے اسٹیشن کی مندرجہ بالا تصویر میں جو سرگرمیاں ہو رہی ہیں، ان میں سے کسی دو کے بارے میں لکھیں۔

# ٹریفک قوانین

منصوبہ سبق

**معلومات**

**مضمون**

**معلومات عامہ**

**درجہ: اوّل**

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- کچھ ٹریفک قوانین کی شناخت کر سکیں۔
- وہ یہ جان سکیں کہ سڑک پر چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے ہوئے، بس پر سفر کرتے ہوئے کون سے حفاظتی قوانین کی پیروی کرنی چاہیے۔

سیکھنے کے مقاصد:

- بنیادی ٹریفک قوانین سیکھنا
- سڑک پر چلتے، سڑک پار کرتے ہوئے وغیرہ کے لیے حفاظتی قوانین سیکھنا۔

مختلف نصابوں کے روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے منسلک ہے، کیوں کہ ٹریفک قوانین کی اطاعت سماج کو بہت ساری تکالیف سے بچاتی ہے۔
- اس کا تعلق اخلاقیات سے بھی ہے، کیوں کہ ہر شہری کا یہ اخلاقی فرض ہے کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کرے۔

منسلک/شامل مہارتیں:

بولنا، لکھنا، پڑھنا، دوھرانا، سوچنا، اور سننا

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • آمد و رفت کے ذرائع<br>• سفر کرنے کے لیے احتیاطی تدبیریں | • پیشہ<br>• دیہی اور شہری زندگی<br>• حکومت کے حقوق اور ذمے داریاں<br>• شہری کے حقوق اور ذمے داریاں |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ سے مندرجہ ذیل دلچسپ سوال کریں تا کہ وہ متوجہ ہو جائیں:

۱۔ کسی گلی کو پار کرنے سے پہلے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

۲۔ اپنی سواری پر سفر کرتے ہوئے آپ نے ٹریفک کے اشاروں (سگنلز) پر عمل کیا ہے؟

۳۔ آپ کو پتا ہے کہ کس اشارے (سگنل) پر ہمیں رکنا چاہیے، کس پر ہمیں تیار ہونا چاہیے، کس پر ہمیں چلنا چاہیے؟

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- سمعی اور بصری اوزاروں کا استعمال
- پوسٹر
- ویڈیوز
- سوال اور جواب کا سیکشن
- فلیش کارڈز

## موادی تعاون Content Support

ٹریفک قوانین مخصوص قوانین ہوتے ہیں، جو ملک کی حکومت بناتی ہے اور ان کے لیے ضروری ہے کہ ہر سڑک/ راستے پر ان کی پابندی کی جائے۔ کئی دفعہ جب آپ ایک ملک سے دوسرے ملک جاتے ہیں تو قوانین ایک جیسے ہوتے ہیں۔ کچھ ممالک میں جب کوئی فرد قانون توڑتا ہے تو اس کے لیے سخت سزائیں ہیں۔ جب کہ کچھ افراد سے جرمانہ لیتے ہیں۔ دونوں حالتوں میں ہم ایک چیز سیکھتے ہیں کہ ہمیں کسی بھی حالت میں ٹریفک قانون توڑنا نہیں چاہیے۔

سڑک کے ٹریفک قوانین، جو بھی سڑک استعمال کرتے ہیں، بشمول کار ڈرائیور، موٹر سائیکل سوار، ٹرک ڈرائیور، بس ڈرائیور، مسافر اور پیدل چلنے والے، سب کے لیے لازمی ہیں۔ یہ اس طرح سے بنائے جاتے ہیں کہ ٹریفک کا بہاؤ منظم رہے اور ہر استعمال کرنے والے کے لیے روزانہ آنا جانا بے خطر ہو۔

اکثر روڈ حادثے (ایکسیڈنٹ) انسانی غلطیوں، دونوں پیدل چلنے والے یا ڈرائیوروں کی غلطیوں کی بدولت رونما ہوتے ہیں۔سڑک پر خراب رویہ سڑک کے بنیادی آداب اور ٹریفک قوانین کی اہمیت کو نہ ماننے کا شاخصانہ ہے۔ ان بدقسمت حالات کے شکار بچے بھی ہوجاتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ان کو ابتدائی زندگی سے ہی سڑک پر حفاظت کے متعلق پڑھایا جائے۔

- دونوں اطراف میں دیکھ کر سڑک پار کریں۔
- سڑک کے حفاظتی نشان کو پڑھیں اور سمجھیں۔
- اپنے اردگرد میں دھیان دیں اور اپنی حواس کے موافق رہیں۔ کار کے ہارن اور انجن کا آواز کسی آنے والی گاڑی، جو ابھی ظاہر بھی نہیں ہوئی، کاعندیہ دیتے ہیں، اور سڑک پار کرتے ان آوازوں پر دھیان رکھیں۔
- انھیں خبردار کریں کہ وہ جب سڑک / روڈ کے قریب ہوں یا وہ سڑک پار کر رہے ہوں، تو دوڑنے سے پرہیز کریں۔
- اپنے طلبہ کو کہیں کہ بے وجہ سڑکوں پر نہ گھومیں۔ بچے اور (بالغان) بھی ہر جگہ سے سڑک کو پار نہ کریں۔سڑک کو پار کرنے کے لیے چوراہے یا زیبرا کراسنگ خاص طور پر مقرر کیے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو کہیں کہ وہ کبھی بھی موڑ پر یا کھڑی گاریوں کی بیچ میں سے پار نہ کریں۔
- ان کو یہ سکھایا جائے وہ پہلے سے تمام بند مقامات (بلائینڈ اسپاٹس) کی جانچ پڑتال کریں پھر سڑک پار کریں۔
- سائیکل پر سواری کرتے وقت وہ ہیلمٹ ضرور پہنیں۔
- کار میں بیٹھتے ہوئے سیٹ بیلٹ ضرور باندھیں۔
- چلتی ہوئی گاڑی میں اپنے جسم کا کوئی حصّہ باہر نہ نکالیں۔
- طلبہ کو انتباہ دیں کہ وہ چلتی ہوئی بس کے دروازے پر کھڑے نہ ہوں۔
- بچے چلتی ہوئی بس میں سیٹوں کے درمیانی راستہ میں نہ چلیں۔

جب وہ سواری سے اتریں تو وہ فٹ پاتھ کی طرف ہوں یا ٹریفک سے دور اتریں۔

### متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/d0ySC2tzlZI
https://youtu.be/4X0pp9MF68s

منصوبہ سبق 11.1:

## یونٹ نمبر ۸: ٹریفک قوانین

## موضوع: پیدل چلنے والوں کے لیے ٹریفک قوانین

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- اپنے طور پر سڑک پار کرنے کے قوانین کی شناخت کرسکیں۔

**مقصد**

- ٹریفک قوانین سیکھنا۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up)(پانچ منٹ)

طلبہ سے پوچھا جائے کہ وہ کیسے اسکول آتے ہیں؟

**موجودہ معلومات** (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 67 کو پڑھیں۔

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 11.1 مکمل کی جائے گی۔

**آزادانہ مشق** (Free Practice) (پندرہ منٹ)

دو یا تین طلبہ کے گروہ بنائیں اور انھیں کہیں کہ وہ جائزہ لیں کہ جب وہ اسکول آتے ہیں، تو وہ کون سے قوانین کی پابندی کرتے ہیں۔ ان قوانین کی فہرست بنائیں جن کہ متعلق وہ سمجھتے ہیں کہ اسکول آتے ہوئے پابندی کرتے ہیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: جو گروہ اچھے قوانین لکھے گا، اس کو کہیں کہ وہ دوسروں کے لیے بآواز بلند پڑھیں۔

تائید: طلبہ کی نگرانی کریں کہ کسی کو آپ کی مدد کی ضرورت تو نہیں ہے۔

**تشخیص** (Assessment) (پانچ منٹ)

سڑک پار کرنے کے لیے کون سے قوانین ہیں؟

## گھر کا کام

آج جو آپ نے قوانین سیکھے ہیں، اس کے علاوہ کوئی نئے قوانین بھی لکھیں، جن کی آپ کو سڑک پر پابندی کرنی چاہیے۔

## منصوبہ سبق 11.2:

### موضوع: سواریوں کے قوانین

### دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ:

- سواری میں بیٹھنے کے قوانین کی پہچان کرسکیں۔
- سڑک یا شاہراہ کے لیے بنیادی نشانات کی شناخت کریں۔

**مقصد**

- سواری کے لیے قوانین سیکھنا۔
- شاہراہ/سڑک کے نشانات سیکھنا۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

طلبہ سے یہ کہا جائے گا کہ وہ آکر اس سڑک نشان کی تصویر بنائیں جو انھوں نے سڑک پر دیکھا ہے۔

دوسرے طلبہ کو کہیں کہ بنے ہوئے نشان کا مقصد بتائیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ 68

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)**

ورک شیٹ 11.2

**آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)**

کسی گاڑی میں سفر کرنے کے قوانین لکھیں۔

**امتیاز (Differentiation)**

تقویت: انھیں کہیں کہ وہ تصاویر بھی بنائیں۔

تائید: قوانین کی شناخت کرنے میں سست طلبہ کی میں مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

مختلف سڑک نشانات کے فلیش کارڈ طلبہ کو دکھلا کر انھیں کہیں کہ ان کا مقصد بتائیں۔

گھر کا کام

اپنے والدین سے مختلف ٹریفک قوانین کے متعلق گفتگو کریں۔

## منصوبہ سبق 11.3:

موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

- طلبہ یونٹ کے موضوعات کو دُہرا کر پختہ کریں گے۔

مقصد

- مختلف مشقوں کے ذریعے یونٹ کے موضوعات کو پختہ کرنا۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 69 پر ذہنی نقشہ

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (بیس منٹ)

صفحہ نمبر 69 پر طائرانہ جائزہ

صفحہ نمبر 70 پر باب کا اعادہ

تشخیص (Assessment) (پندرہ منٹ)

قابل فہم بنانا

گھر کا کام

چارٹ پیپر کے مدد سے ٹریفک سگنل لائٹس بنائیں۔

## ورک شیٹ 11-1


شاہراہ کو پار کرتے ہوئے ہم مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔



ہم ________________ دیکھتے ہیں۔



ہم ________________ دیکھتے ہیں۔



ہم ________________ دیکھتے ہیں۔




ہم ________________ دیکھتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لوگ | نشان | کاریں | موٹرسائیکلیں |


## ورک شیٹ 11-2

مندرجہ ذیل سواریوں کے لیے کوئی بھی ایک قانون لکھیں۔









## ورک شیٹ 11-3

مندرجہ ذیل الفاظ کو درست ترتیب میں لائیں

ر د و ا ز ہ

ش ن ا ن

گ و ل

ر ٹ ف ی ک

ح م و ف ظ

جو شخص سڑک پر لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے ہم اسے کیا کہتے ہیں؟

سڑک پار کرتے ہوئے جن قوانین کی ہم پابندی کرتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی تین لکھیں۔

# اچھی عادات اور آداب

**منصوبہ سبق معلومات**

**مضمون**

**معلومات عامہ**

**درجہ: اوّل**

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- ایک دوسرے کو سلام کرتے ہوئے اسلام علیکم، ہیلو، صبح بخیر کہیں گے۔
- اچھے کردار کے مختلف اوصاف (وقت کی پابندی، شائستہ بات چیت، شفقت وغیرہ) کی شناخت کریں اور فہرست بنائیں۔
- اچھے آداب کی اہمیت کوتسلیم کریں۔
- کھانے کے آداب (صاف ہاتھوں سے کھانا، اور کھانے کو ضائع نہ کرنا) کا مظاہرہ کریں۔
- غیر صحت مند غذا کھانے کے نقصانات کو سمجھیں۔
- غسل خانہ/ بیت الخلا کے استعمال کے آداب کی شناخت کریں اور اہمیت تسلیم کریں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- کسی سے ملنے کے آداب کو جانیں۔
- اچھا کردار والے اطوار کو سیکھیں۔
- کھانے کے آداب سیکھیں اور صحت مند غذا کی اہمیت جانیں۔
- غسل خانہ کو استعمال کرنے کے آداب کی شناخت کریں۔

مختلف نصابوں کے روابط




- یہ موضوع سماجی مطالعہ سے منسلک ہے، کیوں کہ ٹریفک قوانین کی پابندی سماج کو بہت سارے تکالیف سے بچاتی ہے۔
- اس کا اخلاقیات سے بھی تعلق ہے، کیوں کہ یہ ہر شہری کی اخلاقی ذمے داری ہے کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کرے۔

منسلک/شامل مہارتیں:

بولنا، سمجھنا، یاد کرنا، ابلاغ اور اشتراک

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
|---|---|
| • میں خود | • اشیا/ چیزوں میں دوسروں کو شریک کرنا<br>• دوسروں کی مدد کرنے کے طریقے<br>• تمام لوگوں کا احترام کرنے کی ضرورت<br>• دوسروں کو تکلیف دینے سے بچنا<br>• کسی کو دی گئی ٹھیس کو کم کرنے کے طریقے<br>• دوسروں کو معاف کرنا |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

- طلبہ کے ساتھ کھیل کھیلیں: ''شکریہ'' اور ''براہ کرم''
- اپنے طلبہ کو سمجھائیں کہ کسی گزارش کے ساتھ ''براہ کرم Please'' کا استعمال کریں۔
- طلبہ کو سمجھائیں کہ جب آپ کسی کی کوئی چیز یا احسان لیں تو ''شکریہ Thank you'' کو استعمال کریں۔
- دو طلبہ کو بلائیں اور انھیں کہیں کو وہ رول پلے کریں۔
- مختلف منظر نامے بنائیں، جس میں طلبہ کو رول پلے کریں گے اور جانیں گے کہ کب شکریہ یا براہ کرم استعمال کرنا ہے۔ جیسے ایک طالب علم/ طالبہ اپنے کھانے میں کسی اور کو شریک کرے۔ اب دوسرا طالب علم/ طالبہ یہ فیصلہ کرے کہ وہ شکریہ بولے یا براہ کرم۔ یا
- ایک طالب علم/ طالبہ کو ربڑ Eraser چاہیے تو وہ دوسرے طالب علم/ طالبہ کو کہے گا / گی ''براہ کرم میں آپ کا ربڑ استعمال کرنے کے لیے لے سکتا ہوں؟''

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- پوسٹر بنانا
- کمرۂ جماعت میں مباحثے
- رول پلے
- ویڈیوز
- سرگرمیاں

## مواد ی تعاون Content Support

اچھے آداب افراد کی زندگی میں بڑی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ہمیں ہمیشہ یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ہم دوسروں سے کیسے میل جول کرتے ہیں۔ اچھے آداب سے مراد ہے لوگوں سے شائستہ رویہ اختیار کرنا۔

سماج کے لیے اچھے آداب اختیار کرنے کی اہمیت ہوتی ہے۔

سماجی زندگی گزارنے کے لیے اچھے آداب ہونے کے کی بڑی اہمیت ہے۔ اچھے آداب ہمیں سماج میں احترام اور عظمت حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں، جب کہ برے آداب ہماری بدنامی کا باعث بنتے ہیں۔ اچھے آداب ہمیں اچھی عادات سیکھنے میں مدد کرتے ہیں جس کے بدولت شخص کی طبعی، ذہنی، روحانی اور سماجی حالات بہتر ہوتے ہیں۔ تمام اچھے آداب کا مالک اور اچھا برتاؤ کرنے والا شخص سماج کا اہم رکن بنتا ہے۔

احترام

کسی بھی شخص کی اہم ضرورت احترام ہوتا ہے۔مزید یہ کہ بہت سارے لوگ احترام حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرتے ہیں۔ اسی لیے زندگی میں ہر ایک احترام کا مستحق ہوتا ہے۔ جب ہم لوگوں کا احترام کرتے ہیں تو یہ رویہ ان کے ذہنوں اور توجہ میں آجاتا ہے۔ اچھے اخلاق والے شخصیت کے طور پر ہم دوسروں کے لیے ایک معیار مقرر کرتے ہیں، جو ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ بھی اچھے آداب کو استعمال کریں اور اچھا برتاؤ کریں۔مثال کے طور پر اگر ہم اپنے بڑوں کا احترام نہ کریں گے تو ہمارے چھوٹے ہمارا احترام نہیں کریں گے۔

نتیجہ۔

اچھے آداب کی پیروی نہ صرف لوگوں کے ذہن میں عزت بڑھاتی ہے بلکہ ہمیں اندرونی طور پر بھی خوشگوار بناتی ہے۔ اس کی وجہ سے ہمارے سماج، اسکول، دوستوں کے گروہ اور خاندان میں اچھا تاثر پیدا ہوتا ہے۔ زندگی روز بروز مزید پرلطف بنتی جاتی ہے۔ اچھے آداب کو اختیار کرنے سے ہمیں کچھ دینا نہیں پڑتا، لیکن زندگی بھر ہمیں بہت کچھ ملتا رہتا ہے۔ہمیں ہمیشہ اچھے آداب اختیار کرنے چاہییں اور دوسروں کی ہمت بڑھانی چاہییں تاکہ وہ اپنے آپ، خاندان، سماج اور قوم کی بہتری کے لیے ان کو اختیار کریں۔

دیواروں کے بغیر کمرۂ جماعت

پتلی تماشہ کے ذریعہ کوئی ایسی کہانی بتائیں، جو اچھی عادات کو دکھلائے۔

اسکول میں کسی جگہ پر بھی اچھے آداب کی باکس رکھیں۔ جب کبھی کوئی طالب علم کچھ کرے تو وہ ایک سلپ پر لکھے اور اس کو اس باکس میں ڈالے۔ اس وجہ سے وہ اپنے عملوں سے باخبر ہوں گے اور وہ ایسے کام کرنے کی کوشش کریں گے جو ان کی صلاحیتوں کو نکھاریں گے۔

## متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/eeJEVtIvSwo

https://youtu.be/_pa0cot_2NQ

منصوبہ سبق 12.1:

## یونٹ نمبر ۱۲: اچھی عادات اور آداب
## موضوع: کسی سے ملاقات کے آداب

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- اسلام علیکم، ہیلو یا صبح بخیر کہیں۔
- کسی سے ملاقات کے آداب کی شناخت کرسکیں۔

### مقصد

- کسی کو سلام کیسے کرے کے آداب سیکھنا۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

طلبہ کے ساتھ گرم جوشی والے کھیل ''بال کو آگے کریں'' کھیلیں۔ اس کھیل کے لیے آپ کو صرف ایک چھوٹا سا بال چاہیے۔ کھیلنے کے لیے صرف ایک بچوں کا گیت بجائیں۔ جب وہ موسیقی بج رہی ہو، تب طلبہ بال کو آگے کرتے جائیں۔ جب موسیقی رک جائے، تو جس کے پاس بال ہو، وہ طالب علم/ طالبہ اس سوال کا جواب دے کہ آپ کیسے ہیں۔ (مثلاً میں خوش یا بور، تھکا ہوا، پر جوش، دکھی ہوں وغیرہ)

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 72

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

وہ جملے لکھیں، جو ہم کسی سے ملاقات کے وقت بولیں گے۔

جب ہم کسی سے ملیں، تو ہمیں کون سے آداب اختیار کرنے چاہیے، انھیں لکھیں۔

### آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

یہ سر گرمی تسلیمات اور تعارف سکھلانے کے لیے کی جا سکتی ہے۔ اس میں طلبہ اپنے جگہ کو چھوڑ کر جا کر دوسرے کمرۂ جماعت کے ساتھیوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس سرگرمی کے لیے کوئی دلچسپ گیت چنیں، جس سے طلبہ لطف اندوز ہوں۔ اس گیت کو بجائیں اور طلبہ کو کہیں کہ وہ کمرۂ جماعت کے اردگرد چلیں جب موسیقی بج رہی ہو۔ پھر جب موسیقی رک جائے، تب طلبہ قریبی ساتھی کے طرف مڑ جائے اور اس سے مصافحہ کریں اور یہ جملے کہتے سوال کریں، جو انھوں نے آج کمرۂ جماعت میں سیکھے ہیں۔مثال کے طور پر طلبہ بول سکتے ہیں ''سلام، میرا نام زارا ہے، آپ کا کیا نام ہے؟ یا ہیلو آپ کیسے ہیں؟'' وغیرہ وغیرہ

امتیاز (Differentiation)

تقویت: طلبہ کو تسلیمات بجا لانے کے نئے تجاویز دیں۔

تائید: طلبہ پر نظر رکھیں تا کہ وہ دوسرے طلبہ کو نہ دھکا نہ دیں۔ کوشش کریں کہ کمرۂ جماعت کا نظم ونسق قائم رہے۔

**تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)**

جب ہم کسی سے ملتے ہیں تو ہم اسے کیا کہتے ہیں؟

**گھر کا کام**

رنگین پیپر پر وہ چیزیں لکھیں جو آپ کسی سے ملنے کے وقت ذہن میں رکھیں گے۔متعلقہ تصویریں بھی بنائیں۔

## منصوبہ سبق 12.2:

### موضوع: اچھے کردار کے مختلف پہلو/اوصاف

### دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- اچھے کردار کا حامل ہونے کے اطوار سیکھیں اور جان سکیں۔
- دوسروں کو اپنی چیزوں میں شریک کرنے کی اہمیت کو تسلیم کریں۔

**مقصد**

- اچھے کردار کے مختلف پہلوں کی شناخت کر سکیں۔
- یہ سیکھیں کہ دوسروں کو اپنی اشیا / چیزیں میں شریک کرنا اچھے کردار کا اہم ترین پہلو ہے۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

اپنے دوست کی تحسین کرنا

کوئی چھوٹی سی سرگرمی کریں، جس میں طلبہ کو کہیں کہ وہ کسی دوسرے طالب علم / طالبہ کی تحسین کریں۔ آپ ان طلبہ کو کیوں چاہتے ہیں/ پسند کرتے ہیں؟ اسباب کی فہرست بورڈ پر بنائیں اور پھر ان کی وضاحت کریں کہ یہ خوبیاں مل کر اچھا کردار تشکیل کرتی ہیں اور ہر کوئی ہمیں ان خوبیوں کے بدولت پسند کرتا ہے۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 72 اور 73

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

جن اچھے آداب کی آپ پیروی کرتے ہیں، ان کی فہرست بنائیں۔

(صفحہ نمبر 73)

آزادانہ مشق (Free Practice) (دس منٹ)

آؤ دوسروں کو شریک کریں...

STEAM سرگرمی

وسائل

- چارٹ پیپر
- پنسل کلر/ روغن
- پنسل
- اریزر

طریقہ کار:

- دو یا تین طلبہ کے گروہ بنائیں۔
- انھیں کہیں کہ وہ خوب صورت گھر کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔
- انھیں کہیں کہ وہ اپنی اشیا / چیزوں میں دوسروں کو شریک کریں۔
- آخر میں انھیں یہ سمجھائیں کہ آپ نے یہ جو خوبصورت گھر بنایا، وہ اس لیے بنا سکے کہ آپ نے اپنی چیزوں اور آئیڈیاز میں ایک دوسرے کو شریک کیا۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: آپس میں اپنی چیزوں کو شریک کرنے کے لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

تائید: طلبہ کو اپنی چیزوں میں دوسروں کو شریک کرنے اور چھیننے میں فرق بتائیں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

اپنی چیزوں میں دوسروں کو شریک کرنے کے کیا فوائد ہیں۔

گھر کا کام

آپ نے اپنے دوست کو اپنی کون سی چیز میں کب اور کیسے شریک کیا، اس کے متعلق کہانی بیان کریں۔ اور یہ بھی بتائیں کہ کب آپ کے دوست نے اپنی چیز میں آپ کو شریک کیا۔ آپ کو کیسا محسوس ہوا؟ (آؤ تو جانیں صفحہ نمبر 75)

منصوبہ سبق 12.3:

## موضوع: کھانے پینے کے آداب

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- کھانے پینے کے آداب جان سکیں۔
- غیر صحت مند غذا کے نقصانات بیان کرسکیں۔

مقصد

- کھانے پینے کے آداب سیکھیں۔
- صحت مند غذا کھانے کی اہمیت کو تسلیم کریں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو ایک دن پہلے کہیں کہ وہ اپنے پسندیدہ پھل اگلے دن اپنے گھر سے لے کر آئیں۔
- طلبہ کو کہیں کہ پھل/میوہ جات کو پسند کرنے کے اسباب بتائیں۔ (صفحہ نمبر 78)

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 73، 74 اور 75 پڑھیں

- اس سادہ سی حدیث کو یاد کرنے کے لیے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ حضرت محمّد رسول اللہ خاتم النبیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اپنے صحابہ کو کھانے کے تین آسان آداب بتائے ہیں۔
- بسم اللہ کہیں۔
- دائیں ہاتھ سے کھائیں۔
- جو کھانا آپ کے قریب ہو، اس کو کھائیں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ نمبر 12.1 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (دس منٹ)

- 'صحت مند غذا کھانے کی اہمیت' پر کمرۂ جماعت میں مباحثہ منعقد کریں۔ طلبہ سے کہیں کہ وہ غیر صحت مند کھانے سے متعلق اپنے تجربات بتائیں۔

**امتیاز** (Differentiation)

تقویت: طلبہ کی طرف سے اہمیت کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے اس مباحثہ میں اپنی معلومات کا اضافہ بھی کریں۔

تائید: یہ یقینی بنائیں کہ سست طلبہ بھی اس میں شریک ہوں۔

**تشخیص** (Assessment) **(پانچ منٹ)**

اس پرلطف سرگرمی کی مدد سے طلبہ کی تشخیص کریں۔

تفریحی سرگرمی:

کھانے پر لیبل لگائیں۔

وسائل

- رنگین چارٹ پیپر
- قینچیاں
- بورڈ
- گوند

پھل اور سبزیوں کے اشکال رنگین چارٹ پیپر سے کاٹیں اور بچوں کو کہیں کہ ہر اسم پر لیبل لگا کر بورڈ پر لگائیں۔

**گھر کا کام**

صفحہ نمبر 78 پر سوال نمبر 3 (پراجیکٹ)

## منصوبہ سبق 12.4:

### موضوع: غسل خانے میں جانے کے آداب

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ وہ غسل خانے میں جانے کے آداب جان سکیں۔

**مقصد**

- غسل خانے میں جانے کے آداب سیکھنا۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ غسل خانے میں جانے کا کوئی بھی ایک طریقہ بتائیں۔ بورڈ پر فہرست بنائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 75

پیروی کرنے کے لیے قواعد

۱۔ دروازے کو آہستہ سے بند کریں اور غسل خانے میں اندر جانے کے بعد اسے لاک کریں۔

۲۔ سیٹ کو صاف کریں اور اچھے طریقے سے بیٹھیں۔

۳۔جب آپ فارغ ہو جائیں تو غسل خانے کو دوسروں کے لیے صاف ستھرا چھوڑیں۔

۴۔پانی بہا کر صفائی کر دیں۔

۵۔اپنے ہاتھوں کو صابن سے دھوئیں۔

۶۔اپنے ہاتھوں کو تولیہ سے خشک کریں۔

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 12.2 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

پوسٹر بنانا

- چار یا پانچ طلبہ کے گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ 'غسل خانے کے آداب' پر رنگین پوسٹر بنائے گا۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو گروہ فہرست میں نئے آداب کا اضافہ کرے تو ان کی تعریف کریں۔

تائید: طلبہ کو اگر آپ کی مدد کی ضرورت ہو تو ان کی مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

غسل خانے میں جانے کے کون سے آداب ہیں؟

گھر کا کام

اپنے خاندان اور بہن بھائیوں کو، آپ نے جو آج سیکھا ہے، بتائیں، اور ان کے ساتھ مل کے گھر کے بیت الخلا میں جانے کے آداب کی فہرست بنائیں۔

منصوبہ سبق 12.5:

## موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

**سیکھنے کے نتائج:**

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ وہ جان سکیں

- اچھے کردار کی خوبیاں
- غذا/ کھانا کھانے اور غسل خانے میں جانے کے آداب
- صحت مند غذا کھانے کی اہمیت

**مقصد**

یونٹ کو ذہن نشین کر کے پختہ کریں۔

**ترتیب وقت** (Timeline)

**تیاری** (Warm Up) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 76 پر ذہنی نقشہ

**مشق بذریعہ رہنمائی** (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

صفحہ نمبر 77

**تشخیص** (Assessment) (بیس منٹ)

ورک شیٹ 12.3 دی جائے گی۔

**گھر کا کام**

رنگین پیپر پر صحت مند کھانوں کے نام کی فہرست بنائیں۔ متعلقہ تصاویر بنائیں یا چسپاں کریں۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# ورک شیٹ 12-1

## کھانے کے آداب

تصویروں کو درست ترتیب کے لیے نمبر لگائیں۔



منھ بند کر کے کھانے کو چبائیں۔



اپنے ہاتھ دھوئیں۔



سنک میں اپنی پلیٹیں رکھیں۔




بیٹھ جائیں۔

# ورک شیٹ 12-2

## بیت الخلا میں داخل ہونے کے آداب

تصاویر کی وضاحت کریں۔










OXFORD UNIVERSITY PRESS

## ورک شیٹ 12-3

یہ میں ہوں

اچھے اداب (جو مجھ میں ہونے چاہیے)

اپنی تصویر بنائیں

بُرے آداب جو مجھ میں نہیں ہونے چاہیے

بات کا سلسلہ توڑنا

شکریہ اور براہ کرم کہیں

اپنی باری کا انتظار کریں۔

قطار کو توڑنا

دوسروں کو پہلے جانے دینا

شریک کرنا

# یونٹ ۱۳

## ہمارے آس پاس کی اشیا/چیزیں (پودے اور جانور)

منصوبہ سبق
معلومات

مضمون

معلومات عامہ

درجہ: اوّل

دورانیہ

۴ اسباق

سیکھنے کے نتائج:


تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:

- ہمارے آس پاس جو جاندار اور غیر جاندار چیزیں ہیں، ان کی شناخت کرسکیں۔
- پودوں اور ان کی ہماری زندگی میں اہمیت کی شناخت کرسکیں۔
- جانوروں کے مختلف اقسام کی شناخت کرسکیں۔
- جانوروں کی ہماری زندگی میں اہمیت کی شناخت کرسکیں۔
- مختلف جانوروں کے مسکن کو پہچان سکیں۔
- جانوروں اور پودوں کی بہتر حفاظت کے اقدام کی شناخت کرسکیں۔

سیکھنے کے مقاصد:

- جاندار اور غیر جاندار اشیا/ چیزوں میں تفریق کرسکیں۔
- پودوں کے مختلف اقسام اور ان کی اہمیت کی وضاحت کرسکیں۔
- جانوروں کے مختلف اقسام اور ان کی اہمیت کی وضاحت کرسکیں۔
- پودوں اور جانوروں کی اچھی دیکھ بھال کے مختلف طریقے سیکھ سکیں۔

مختلف نصابوں کے روابط




- اس موضوع کا تعلق سائنس (حیاتیات) سے ہے۔
- پودوں کی ساخت اور کام کے متعلق معلومات دی جائے گی۔
- جانوروں کے مختلف اقسام اور ان کی خصوصیات کو بیان کیا جائے گا۔

منسلک/شامل مہارتیں:

سوال کرنا، دیکھنا، تحقیق کرنا، جانچ پڑتال کرنا، تجربے کرنا، مباحثہ کرنا، دریافت کرنا اور اکٹھا کرنا۔

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
| --- | --- |
| • پودوں کے حصے<br>• پودوں کی ضروریات<br>• جانور (پالتو، پرندیں اور حشرات) | • جاندار اور غیر جاندار چیزیں<br>• پودوں کے بڑے حصے<br>• پودوں کی نشو نما اور تبدیلیاں<br>• پودوں کے استعمال<br>• زمین اور پانی والے جانور<br>• جانوروں کی نشونما اور تبدیلی<br>• پاکستان کی اہم فصلیں<br>• مال مویشی |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ سے کہیں کہ وہ ان چیزوں کے نام بتائیں جو وہ اس وقت اپنے آس پاس دیکھ سکتے ہیں۔

## تدریسی حکمت عملیاں Teaching Strategies

- سرگرمیاں
- چارٹ پیپر بنانا
- ویڈیوز
- تجربات
- بغیر دیواروں کے کمرۂ جماعت

## موادی تعاون Content Support

پودے:

- پودے اس زمین کے ماحولیاتی نظام کا اہم جز ہیں۔ وہ ہمیں کھانا اور آکسیجن مہیا کرتے ہیں جو زمیں پر زندہ رہنے کے لیے ضروری ہے۔
- پودے مختلف شکلوں میں ہوتے ہیں، جیسے درخت، پھول، جھاڑیاں۔

- عام جسامت کا درخت اتنی لکڑی دے سکتا ہے کہ ہم اس سے ایک لاکھ ستر ہزار ایک سو پنسلیں بنا سکتے ہیں۔
- پودوں کے انواع کے پچاسی فیصد بڑے سمندروں میں ملتے ہیں۔
- امیزون کا برساتی جنگل دنیا کی آدھی آکسیجن فراہم کرتا ہے۔
- سیب میں پچیس فیصد ہوا ہوتی ہے، اس لیے وہ پانی پر تیرتا ہے۔
- دنیا کا لمبا ترین درخت آسٹریلوی یوکلپٹس تھا، جس کی 1872ء میں لمبائی چار سو پینتیس فیٹ تھی۔
- اسٹرا بیری ہی ایک ایسا پھل ہے، جس کے بیج باہر پھلتے ہیں۔ ایک عام اسٹرا بیری میں دو سو بیج ہوتے ہیں۔
- انسان کھانا بنانے کے لیے دو ہزار اقسام کے پودے استعمال کرتا ہے۔
- اب تک تین لاکھ کے قریب پودوں کی شناخت ہوسکی ہے اور یہ فہرست وقت کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔

جانور:

جانوروں کو مختلف بنیادی درجات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

- پالتو
- باڑہ اور گھر کے جانور
- جنگلی جانور
- ممالیہ
- سمندروں کے جانور
- پرندے
- حشرات

جانور قدرت کی طرف سے ہمارے لیے تحفہ ہیں۔ وہ روزمرہ زندگی میں ہمارے ساتھ قریبی تعلق رکھتے ہیں۔ جانور بھی انسانی زندگی کے لیے مددگار ہوتے ہیں۔ جانوروں کے بغیر زندگی کا تصور کرنا محال ہوگا۔

وہ ہمیں گوشت اور دودھ مہیا کرتے ہیں۔

- جانوروں کے بالوں کی بھی اہمیت ہے، کیوں کہ وہ اپنی پشم دیتے ہیں، جس سے ہم سوئیٹر بنتے ہیں۔
- جانور انسانوں کو نفسیاتی اور جذباتی حمایت فراہم کرتے ہیں۔
- وہ پودوں کے ماحولیاتی نظام میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- جانور اپنے گوبر کی مدد سے پودوں کو زرخیز بنانے میں مدد کرتے ہیں۔
- وہ کاربان ڈائی آکسائیڈ کو خارج کرتے ہیں، جو پودوں کے زندہ رہنے لے لیے ضروری ہوتی ہے۔
- وہ پھولوں کی پولینیشن (Pollination) میں مدد کرتے ہیں۔

متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/fecessadATQ
https://youtu.be/V_OlcF57WJs
https://youtu.be/dAA1wpuCvl0

## منصوبہ سبق 13.1:

یونٹ نمبر ۱۳: پودے اور جانور

موضوع: پودے

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- مختلف اقسام کے پودوں کی شناخت کر سکیں۔
- پودوں کی اہمیت اور استعمال کو جان سکیں۔
- پودوں کی دیکھ بھال کے طریقوں کی فہرست بنائیں۔

### مقصد

- پودوں کی اقسام، اہمیت اور استعمال
- پودوں کی دیکھ بھال کا صحیح طریقہ

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

- طلبہ کو کہیں کہ وہ چھوٹے سے مرتبان میں ایک پودہ لائیں۔
- انھیں کہیں کہ وہ اپنے پودے کو کمرۂ جماعت میں دکھائیں۔

### موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

- صفحہ نمبر 80، 81، اور 82

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

- ورک شیٹ 13.1 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

گروہوں میں اسکول کے میدان کی طرف جائیں اور جو پودے آپ کو نظر آئیں، ان کی اشکال اپنے نوٹ بک میں بنائیں۔ کمرۂ جماعت میں ان کی تفریق اور مماثلت بیان کریں۔ (صفحہ 82)

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جب وہ کمرۂ جماعت میں اپنی دریافت کے متعلق بتا رہیں ہوں تو اس دوران اپنی طرف سے ان کی معلومات میں اضافہ کریں۔

تائید: یہ یقینی بنائیں کہ طلبہ پودوں کو تباہ نہ کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

پودوں کے کوئی بھی چار استعمال بتائیں۔

گھر کا کام

گھر پر پودوں کے دیکھ بھال کے جو طریقے آپ دیکھیں، ان کی فہرست بنائیں اور اپنے والدین کے ساتھ گفتگو کریں۔

## منصوبہ سبق 13.2:

موضوع: جانور

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- جانوروں کے مختلف گروہوں کی شناخت کرسکیں۔
- ان کی ہماری زندگی میں اہمیت کو جان سکیں۔
- جانوروں کی دیکھ بھال کے طریقوں کی فہرست بنا سکیں۔

مقصد

- جانوروں کے مختلف اقسام میں تفریق کرسکیں۔
- ہمارے زندگی میں ان کی اہمیت اور ان کی دیکھ بھال کرنا سیکھیں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

جانوروں کے مختلف کھلونے طلبہ کو دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ کون سا خطرناک ہے، جس سے آپ کو ڈر محسوس ہوا ہے اور کس کو آپ پسند کرتے ہیں اور اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد جنگلی اور گھریلو جانوروں کے تصورات سمجھائیں۔

موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)

صفحہ نمبر 86 سے 91 کو پڑھیں اور انھیں سمجھائیں

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (پندرہ منٹ)

ورک شیٹ 13.2 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

درجہ بندی کرنے کی سرگرمی:

- گروہ بنائیں اور ان کو جانوروں کی کچھ تصویریں دیں۔
- انھیں کہیں کہ وہ جنگلی اور گھریلو جانور کی درجہ بندی کریں۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: ہر جانور کے اوصاف بتائیں اور ان کی معلومات میں اضافہ کریں۔

تائید: جانوروں کی شناخت کرنے میں اشارہ دے کر مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- کتے کے مسکن کو کیا کہتے ہیں؟
- شیر کہاں رہتا ہے؟
- گائے کے مسکن کا کیا نام ہے؟

گھر کا کام

جانور کی دیکھ بھال کرنے کے طریقوں کی فہرست

منصوبہ سبق 13.3:

موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ موضوعات کو ذہن نشیں کر کے پختہ بنائیں گے۔

مقصد

مختلف مشقوں کے ذریعے یونٹ کے موضوعات کو پختہ بنانا۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 92 پر ذہنی نقشہ

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (بیس منٹ)**

صفحہ نمبر 93، 94 پر باب کا اعادہ

**تشخیص (Assessment) (پندرہ منٹ)**

ورک شیٹ 13.3


**گھر کا کام**


جاندار اور غیر جاندار اشیا / چیزوں کا چارٹ بنائیں اور متعلقہ تصاویر بھی بنائیں۔

## ورک شیٹ 13-1


جو چیزیں ہم پودوں سے حاصل کرتے ہیں ان کی تصاویر میں رنگ بھریں۔


















# ورک شیٹ 13-2

وہ کون سی پانچ ایسی چیزیں ہیں، جن کی جانوروں کو زندہ رہنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔











# ورک شیٹ 13-3

تشخیصی ورک شیٹ

دو جاندار اور دو غیر جاندار چیزوں کے نام لکھیں:

جاندار چیزیں

ا. ______

۲. ______

جاندار چیزیں

ا. ______

۲. ______

پودوں کی دیکھ بھال کرنے کا ایک طریقہ لکھیں۔

______

______

پودوں کو بڑھنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

ا. ______

۲. ______

۳. ______

۴. ______

جانوروں کو بڑھنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

ا. ______

۲. ______

۳. ______

۴. ______


۵. ______

آپ اپنے پالتو جانور کی کیسے دیکھ بھال کرتے ہیں؟

______

______

# زمین اور آسمان

| | |
|---|---|
| منصوبہ سبق معلومات | سیکھنے کے نتائج:<br>تمام طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• ایک سیارے کے طور پر زمین کی شناخت کریں<br>• زمیں کی شکل پہچان سکیں۔<br>• یہ تسلیم کریں کہ زمین خشکی اور پانی پر مشتمل ہوتی ہے۔<br>• آسمان میں دن اور رات کے دوران نظر آنے والے اجسام فلکی کی شناخت کریں۔<br>• یہ بات تسلیم کریں کہ سورج دن کے دوران اچھی طرح سے روشن ہوتا ہے اور ہمیں وہ گرمی اور روشنی دیتا ہے۔<br>• یہ جان سکیں کہ چاند اور ستارے رات کو روشن ہوتے ہیں۔<br>سیکھنے کے مقاصد:<br>• زمیں کو بطور سیارہ، اس کی بناوٹ اور شکل کی شناخت کریں۔<br>• دن اور رات میں آسمان کے اجسام فلکی کی شناخت کریں۔<br>• سورج اور چاند کی خصوصیات کی وضاحت کریں۔<br>مختلف نصابوں کے روابط<br><br><br>• اس موضوع کا تعلق سائنس کے ساتھ ہے۔ زمیں اور آسمان کے سائنسی پہلو کی وضاحت کی جائے گی۔<br>• جغرافیہ کے مضمون میں جغرافیائی خد و خال کی وضاحت کی جائے گی۔ |
| مضمون | |
| معلومات عامہ | |
| درجہ: اوّل | |
| دورانیہ<br>۴ اسباق | |


OXFORD UNIVERSITY PRESS

منسلک/شامل مہارتیں:

سننا، لکھنا، پڑھنا، بولنا، یاد کرنا، ذہن میں لانا۔

درجات کے مابین ترقی:

| ECCE | GRADE II |
| --- | --- |
| • آسمان، سورج، چاند، ستارے | • زمیں کے وسائل کی تبدیلی<br>• گرمی اور روشنی |
| یکساں قومی نصاب کے لیے لنک:<br>http://mofept.gov.pk/Detail/YzJiNGVjODgtNjIwOC00YzRiLThmNmUtNjJjYWIwYmJkMWY2 | |

## آمادگی Bridge-in

طلبہ سے مندرجہ ذیل سوالیں پوچھے جائیں تا کہ وہ اپنے سوچنے کی مہارتوں کو بروئے کار لائیں:

- زمیں کی شکل کیسی ہے؟
- دن میں آپ کون سی چیزیں آسمان میں دیکھتے ہیں؟
- رات میں آپ آسمان میں کون سی چیزیں دیکھتے ہیں؟

## تدریسی حکمت عملیاںTeaching Strategies

- بصری و سماوی معاونت کا استعمال
  - پوسٹر بنانا
  - تفاعلی مباحثے
  - ویڈیوز
  - گلوب کا استعمال

## موادی تعاون Content Support

زمین کے متعلق اہم حقائق

- ہمارے نظام شمسی میں سورج کی ترتیب میں زمیں تیسرا سیارہ ہے۔ اس کا انگریزی نام پرانے انگریزی اور جرمن الفاظ سے لیا گیا ہے، جن کی معنی ہے میدان۔
- ہمارے پہاڑوں پر تحقیق کرتے ہوئے سائنسدانوں نے یہ حساب لگایا ہے کہ ہماری زمین تقریباً 4.5 بلین سال پرانی ہے۔
- زمین سورج کے گرد گردش کرتی ہے۔ اور وہ 365 دن (ایک سال) میں اپنی گردش مکمل کرتی ہے۔
- زمین اپنے محور پر گردش کرتی ہے اور اس کے نتیجہ میں ہمیں دن اور رات کا وقت ملتا ہے۔

- زمین اپنے محور پر جھکی ہوئی ہے۔ محور ایک تصوراتی لکیر ہے جو زمین کے بیچوں بیچ قطب شمالی سے قطب جنوبی تک جاتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ گلوب کے مختلف حصے سال کے مختلف وقتوں پر سورج کی طرف جھکے ہوئے ہوتے ہیں، جس کے بدولت ہمیں مختلف موسم ملتے ہیں۔
- کشش ثقل ایک ان دیکھی قوت ہے، جو اجسام کو ایک دوسرے کی طرف کھینچتی ہے۔ یہ قوت ہی ہے جو اشیا چیزوں کو زمیں طرف کھینچتی ہے اور ہمیں خلا میں تیر کر جانے سے روکتی ہے۔
- زمین کی شکل کچلے ہوئے بال کی طرح ہے جو خط استوا پر پھولا ہوا ہے۔
- زمین کا قطر بارہ ہزار آٹھ سو کلومیٹر ہے جو اسے نظام شمسی میں پانچواں بڑا سیارہ بناتا ہے۔
- نظام شمسی میں زمین (دھرتی) ایک ایسا سیارہ ہے جہاں پر زندگی کو سہارا ملتا ہے۔
- زمین کی فضا بھی زندگی کے لیے اہم ہے۔ فضا ایک گیسوں (آکسیجن اور نائٹروجن) سے بنا کمبل ہے جو زمیں کے گرد لپٹا ہوا ہے اور وہ ہمارے سیارے کو سورج کے سخت شعاؤں سے بچاتا ہے۔

آسمان کے متعلق حقائق

- آسمان فضا کا دکھاوا ہے، جو ہمارے سیارے کے گرد پھیلا ہوا ہے۔ جب ہم آسمان پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمیں بہت سارے اجسام، جیسے سورج چاند اور ستارے نظر آتے ہیں۔
- کسی روشن دن پر آسمان نیلا نظر آتا ہے۔ رات کے وقت جب ہم افق کی طرف دیکھتے ہیں، نیلے کی گہرائی بڑھ جاتی ہے۔ آسمان اس لیے نیلا ہے کہ سورج کی روشنی جگہ جگہ پھیلی ہوئی ہے۔ دن میں مختلف اوقات پر آسمان ہمیں مختلف رنگوں میں نظر آ سکتا ہے۔ صبح یا شام کو آسمان لال یا نارنجی یا سبز یا پرپل نظر آ سکتا ہے، اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ سورج کتنا نیچے ہے اور رات سے ہم کتنے قریب ہیں۔
- دوسرے سیاروں پر بھی آسمان ہوتے ہیں مثال کے طور پر مارس کا جو آسمان ہے وہ لال ہے۔ آسمان میں ہمیں موسموں کے حساب سے بہت ساری کیفیات نظر آتی ہیں۔ مثال کے طور پر برسات، بادل، روشنی یا کہر یا دھند ہوسکتی ہے۔

دوسری چیزیں جو آسمان میں نظر آتی ہیں، وہ پرندے یا اڑنے والے جانور اور ہوائی جہاز ہوتے ہیں۔

## متعلقہ ویڈیوز کی آن لائن لنک

https://youtu.be/LGvcwk5d-zM

https://youtu.be/kllGrCB5vAk

منصوبہ سبق 14.1:

یونٹ نمبر ۱۴: زمین اور آسمان

موضوع: زمین

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- زمین کو بطور سیارہ شناخت کریں۔
- زمین کے نمایاں خد و خال، جیسے اس کی حرکت اور اس کی ماحولیات وغیرہ کی وضاحت کرسکیں۔

مقصد

- زمین کے خدوخال کی وضاحت کرسکیں۔

**ترتیب وقت (Timeline)**

**تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)**

گلوب کا استعمال

گلوب کو استعمال کر کے طلبہ کو زمین کی شکل اور اس میں پانی اورخشکی کی تقسیم دکھائیں۔

**موجودہ معلومات (Present Information) (دس منٹ)**

صفحہ نمبر 96 اور 97

**مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)**

ورک شیٹ 14.1 مکمل کی جائے گی۔

**آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)**

زمین کی شکل بنائیں اور اس پر پانی اورخشکی کو دکھلانے کے لیے رنگ بھریں۔

**امتیاز (Differentiation)**

تقویت: جن دنوں میں یہ یونٹ پڑھایا جا رہا ہو، ان دنوں میں زمین کی اچھی سی بنی ہوئی تصویر کو کمرۂ جماعت کی دیوار پر چسپاں کریں۔

تائید: زمین پر پانی اورخشکی کی شرح کومعلوم کرنے میں طلبہ کی مدد کریں۔

**تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)**

- زمین ________________ ہے۔
- زمین ________________ کے گرد گھومتی ہے۔

- زمین کی ______________ شکل ہے۔
- زمین پر ______________ فیصد پانی اور ______________ فیصد خشکی ہے۔
- زمین کا ______________ دن اور رات کا سبب بنتا ہے۔

## گھر کا کام

- انٹرنیٹ سے زمین کے متعلق کچھ حقائق معلوم کریں، جن کو آنے والے دن اپنے کمرۂ جماعت میں دوسرے طلبہ کے ساتھ شریک کریں۔

## منصوبہ سبق 14.2:

### موضوع: جو چیزیں ہم آسمان میں دیکھتے ہیں

دورانیہ: ۴۵ منٹ

### سیکھنے کے نتائج:

طلبہ اس لائق ہوں گے کہ

- دن کے وقت جو چیزیں ہم دیکھتے ہیں، ان کی شناخت کرسکیں۔
- رات کے وقت جو چیزیں ہم دیکھتے ہیں، ان کی شناخت کرسکیں۔

### مقصد

- دن اور رات کے وقت آسمان میں نظر آنے والی چیزوں کے متعلق سیکھنا۔

### ترتیب وقت (Timeline)

### تیاری (Warm Up) (پانچ منٹ)

ذہن کو چست کرنے کے لیے یہ سوال و جواب کریں:

- رات کو ہم کون سی چیزیں آسمان میں دیکھتے ہیں؟
- دن کو ہم کون سی چیزیں آسمان میں دیکھتے ہیں؟
- رات کو سورج کہاں چلا جاتا ہے؟

### موجودہ معلومات (Present Information)

صفحہ نمبر 98 سے 100 پڑھیں اور سمجھائیں۔

### مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (دس منٹ)

ورک شیٹ 14.2 کو مکمل کیا جائے گا۔

آزادانہ مشق (Free Practice) (پندرہ منٹ)

سرگرمیاں:

ذرائع

- چارٹ پیپر
- رنگین پینسلیں

دو گروہوں میں کام کریں۔ پہلا گروہ دن کے وقت آسمان میں دیکھی جانے والی چیزوں کی اشکال ایک چارٹ پر بنائے گا اور رنگ بھرے گا اور دوسرا گروہ رات کے وقت آسمان میں نظر آنے والی چیزوں کی شکلیں بنائے گا اور ان میں رنگ بھرے گا۔

امتیاز (Differentiation)

تقویت: جو سب سے اچھا چارٹ بنایا گیا ہو، اس کو کمرۂ جماعت میں دکھائیں اوراس گروہ کی تعریف کریں۔

تائید: جو چیزیں ہم آسمان میں دیکھتے ہیں ان میں فرق سمجھنے کے لیے انھیں عندیہ دے کر مدد کریں۔

تشخیص (Assessment) (پانچ منٹ)

- دن کے وقت ہم چاند اور ستارے کیوں نہیں دیکھ سکتے؟
- دن کے وقت کون ہمیں حرارت اور روشنی فراہم کرتا ہے؟

گھر کا کام

ان چیزوں کے متعلق سوچیں، جو ہم آسمان میں دیکھ سکتے ہیں۔ اپنے والدین کے ساتھ جائزہ لیں۔

منصوبہ سبق 14.3:

موضوع: پختگی اور تشخیص

دورانیہ: ۴۵ منٹ

سیکھنے کے نتائج:

طلبہ یونٹ کے موضوعات کو ذہن نشین کر کے پختہ کریں۔

مقصد

مختلف مشقوں کے ذریعے یونٹ کے موضوعات کو دُہرا کر پختہ کریں۔

ترتیب وقت (Timeline)

تیاری (Warm Up) (دس منٹ)

طلبہ کو زمین اور آسمان کی حرکت کا پوسٹر دکھائیں اور ان سے کہیں کہ وہ بتائیں کب رات ہوتی ہے اور کب دن ہوتا ہے؟

مشق بذریعہ رہنمائی (Guided Practice) (بیس منٹ)

صفحہ نمبر 101 پر ذہنی نقشہ

تشخیص (Assessment) (پندرہ منٹ)

ورک شیٹ 14.3

گھر کا کام

دن اور رات میں فرق بتائیں (پانچ جملے لکھیں)

آن لائن وسائل: https://youtu.be/GL6Ne6clcz0

## ورک شیٹ 14-1


تصویر میں رنگ بھریں اور خشکی اور پانی کے لیبل لگائیں۔






## ورک شیٹ 14-2

تصاویر کاٹیں اور ان کو ترتیب دے کر درست خانوں میں بنائیں۔

| دن | رات |
| --- | --- |
| | |



## ورک شیٹ 14-3

مندرجہ ذیل الفاظوں کا اندازہ لگا کر انھیں صحیح کر کے لکھیں

م ی ز ن ____________________

ن د ____________________

وس رج ____________________

ت ا ر ____________________

ان د چ ____________________

مندرجہ ذیل کو آپس میں ملائیں:

| | |
|---|---|
| نقصان دہ | زمین گرد گھومتی ہے |
| سورج | زمین کی شکل ہے |
| دن | ہمیں رات کو نظر آتے ہیں |
| ستارے | سورج بال کی طرح ہے |
| گیسیں | سورج کی طرف سیدھا دیکھنا |
| گولہ | زمین کا جو طرف سورج کو دیکھتا ہے |

# تشخیص کا مثالی پرچہ ا

زیادہ سے زیادہ مارکس ۵۰ وسط مدتی امتحان مقررہ وقت: ا گھنٹہ

سوال ا: خال بھریں: (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

ا۔ جو چیز کسی شخص کے کردار کا حصّہ ہوتی ہے، اسے ________ کہتے ہیں۔

۲۔ ہم سب ایک دوسرے سے ________ ہیں۔

۳۔ منھ ________ اور ________ میں ہماری مدد کرتا ہے۔

۴۔ صفائی ستھرائی ہمیں ________ رہنے میں مدد کرتی ہے۔

۵۔ کھیل کے دوران جو کرنا چاہیے یا نہیں کرنا چاہیے، اس بیان کو ________ کہتے ہیں۔

سوال ۲: درست جواب کو چنیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

ا۔ بصارت کی حس ہمیں ________ میں مدد کرتی ہے۔

(الف) سننے (ب) چکھنے (ت) محسوس کرنے (ث) دیکھنے

۲۔ کسی کے لیے اچھی خوبی ________ ہوتی ہے۔

(الف) بڑی (ب) خوشگوار (ت) ذھین (ث) شرارت والی

۳۔ اچھی صحت کو قائم رکھنے کے لیے ہمیں اپنے آپ کو ________ سے محفوظ رکھنا چاہیئے۔

(الف) سورج (ب) چالاک لوگ (ت) پانی (ث) جراثیم


۴۔ محلہ ________ پر مشتمل ہوسکتا ہے۔

(الف) اسکول (ب) پارک (ت) دکانیں (ث) یہ تمام سب چیزیں

۵۔ پارسی عبادت کے لیے ________ میں جاتے ہیں۔

(الف) آگ مندر (فائر ٹیمپل) (ب) چرچ (ت) مندر (ث) گردوارہ


سوال ۳: مندرجہ ذیل ڈایاگرام میں لیبل لگائیں: (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۴ مارکس)





سوال ۴: جدول کو مکمل کریں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۴ مارکس)


| مذہب | عبادت گاہیں |
|---|---|
| اسلام | |
| | مندر |
| | |
| عیسائیت | گردوارہ |

سوال: ۵ تصویر میں نظر آنے والے کھیل کا نام لکھیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۴ مارکس)










سوال ۶: مندرجہ ذیل کے اسباب بتائیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

ا۔ اچھی خوبیوں کا حامل ہونا بہت ضروری ہے۔

۲۔ کسی بھی چیز کی سطح کو محسوس کرنے کے لیے ہم ہاتھوں کو استعمال کرتے ہیں۔


۳۔ ہم اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھتے ہیں۔

۴۔ کھانستے وقت ہم اپنے منہ کو ڈھانپتے ہیں۔

۵۔ ہم صحت مند غذا کھاتے ہیں۔

سوال نمبر ۷: اچھی عادات کی شناخت کریں اور ان پر ٹک لگائیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = تین مارکس)











سوال نمبر ۸: درست لفظ پر دائرہ لگا کر بیان کو مکمل کریں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

i. ہمیں دوسرے لوگوں کے ساتھ شائستہ / بڑے آواز میں بات کرنا چاہیے۔

ii. گردن ہمارے گردن / جسم کو سہارا دیتا ہے۔

iii. ہم ناک / کانوں سے چیزوں کو سونگھتے ہیں۔

iv. صحت مند / غیر صحت مند زندگی کے لیے صفائی ستھرائی کی عادت کو قائم رکھنا بہت ضروری ہے۔

v. غسل خانے میں جانے سے پہلے / بعد میں ہمیں ہاتھ دھونے چاہیے۔

سوال ۹: کوئی بھی ایک چیز اور اس کو دیکھنے کے لیے جو عضو استعمال ہو رہا ہے، ان کی شکل بنائیں۔ (۲ مارکس)

سوال نمبر ۱۰: مندرجہ ذیل کے جوابات دیں۔ (ہر ایک کے لیے ۲ء۵ مارکس = ۵ مارکس)

۱۔ کسی بھی پانچ چیزوں کے نام لکھیں، جو آپ سن سکتے ہیں۔

۲۔ ہم اپنے آپ کو بیمار ہونے سے کیسے بچا سکتے ہیں۔

سوال نمبر ۱۱: اپنی خوبیاں کی فہرست بنائیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۲ مارکس)

سوال نمبر ۱۲: اپنا خاندانی شجرہ بنائیں۔ (ہر ایک لیے ایک مارک = ۳ مارکس)

# تشخیص کا مثالی پرچہ ۲

زیادہ سے زیادہ مارکس ۵۰ | وسط مدتی امتحان | مقررہ وقت: ۱ گھنٹہ

درجہ اول

سوال ۱: خال بھریں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

۱۔ ________ جسم کا وہ حصہ ہے جس کا خاص مقصد ہوتا ہے۔

۲۔ چہرے کے ماتھے والا حصہ ________ سے اوپر ہوتا ہے۔

۳۔ جراثیم بہت ہی چھوٹے ________ ہوتے ہیں۔

۴۔ ہمارے خاندان کے تمام ارکان ________ اور ________ کے مستحق ہیں۔

۵۔ کرکیٹ ایک ________ کھیل ہے۔

سوال ۲: درست جواب کو منتخب کریں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

۱۔ قواعد ہمیں ________ سکھاتے ہیں۔

(الف) کیسے کھیلیں (ب) نظم ونسق کا کیسے برتاؤ کریں (ث) یہ تمام

۲۔ نقشہ ایک ________ ہے، جو یہ دکھاتی ہے کہ جگہیں کہاں پر واقع ہیں۔

(الف) ویڈیو (ب) کارڈ (ت) شکل (ث) خط

۳۔ عیسائی ________ میں جاتے ہیں۔

(الف) آگ مندر (ب) گردوارہ (ت) مندر (ث) گرجا گھر (چرچ)

۴۔ ہم اپنا جشن آزادی ________ آگست کو مناتے ہیں۔

(الف) ۱۴ (ب) ۱۵ (ت) ۱۶ (ث) ۱۸

۵۔ لوگ جو ایک محلے میں رہتے ہیں ان کو ________ کہا جاتا ہے۔

(الف) دوست (ب) پڑوسی (ت) خاندان (ث) رشتے دار

سوال ۳: مندرجہ ذیل ڈایاگرام میں لیبل لگائیں: (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۴ مارکس)


سوال ۴: جدول کو مکمل کریں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = چار مارکس)

| پاکستان کا پرچم (جھنڈا) | کیفیت |
|---|---|
| ستارہ | |
| | ترقی کو ظاہر کرتا ہے۔ |
| سفید رنگ | |
| | ملک میں جو مسلمان رہتے ہیں ان کی نمائندگی کرتا ہے۔ |

سوال: ۵ تصویر میں نظر آنے والے کھیل کا نام لکھیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۴ مارکس)









سوال ۶: مندرجہ ذیل کے اسباب لکھیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = ۵ مارکس)

۱۔ ہم اپنے گھروں کی روزانہ صفائی کرتے ہیں۔

______________________________

۲۔ کھیلوں میں قواعد اہم ہوتے ہیں۔

______________________________

۳۔ ہمارے والدین ہماری دیکھ بھال کرتے ہیں۔


۴۔ کھانستے وقت ہم اپنا منہ ڈھانپتے ہیں۔

۵۔ ہم صحت مند غذا کھاتے ہیں۔

سوال نمبر ۷: اچھی عادات کی شناخت کریں اور ان پر ٹک لگائیں۔ (ہر ایک کے لیے ایک مارک = تین مارکس)







سوال ۸: درست لفظ کو دائرہ لگا کر بیان مکمل کریں۔ (ہر ایک کے لیے ۱ مارک = ۵ مارکس)

(۱) بازو / پیر حرکت کے توازن کے لیے اہم ہوتے ہیں۔

(۲) ہمارے چھ / پانچ حواس ہیں۔

(۳) ہمیں اپنے آپ کو صاف ستھرا / گندا رکھنا چاہیے۔

(۴) میرے والد کا بھائی میرا تایا / چچا / دادا ہے۔

(۵) ہمارے محلہ میں سب کے سب / سب نہیں ایک جیسے ہیں۔

سوال ۹: کسی بھی ایسی ایک چیز، جس کو آپ چھو سکیں اور چھونے کے عمل میں جو عضو استعمال ہوتا ہے، ان کی تصویر بنائیں۔ (۲ مارکس)



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

سوال ۱۰: مندرجہ ذیل کے جواب دیں: (ہر ایک کے لیے ۲ء۵ مارکس = ۵ مارکس)

۱۔ بطور پڑوسی ہماری ذمے داری کیا ہے؟

۲۔ قاعدہ کیا ہے؟ اپنے پسندیدہ کھیل کے دو قواعد لکھیں۔

سوال ۱۱: آپ کے محلہ میں جو جگہیں ہیں ان کی فہرست بنائیں۔ (ایک مارک = ۲ مارکس)

سوال ۱۲: جسم کے کسی بھی تین اعضا کی شکل بنائیں۔ (ہر ایک کے لیے ۱ مارکس = ۳ مارکس)

سوال ۱۳: مندرجہ ذیل کے نام بتائیں۔ (ہر ایک کے لیے ۱ مارک = ۳ مارکس)

i. آپ کے تایا / چچا کے بچے

ii. جس جگہ آپ موجود ہیں، اس کے ارد گرد کا علاقہ۔

iii. آوازوں کو سننے کے لیے جسمانی عضو